https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ

ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث

ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی

مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد:24 | پیر 21 جمادی الاوّل 1448ھ 02 نومبر 2026ء | شمارہ:224

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور انہوں اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔



تعلقات مستحکم کرنیکا عزم

شہباز شریف، عاصم منیر، اسحٰق ڈار سے وزیر خارجہ سنگاپور کی ملاقاتیں

سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالاکرشنن کی فیلڈ مارشل عاصم منیر، وزیراعظم شہباز شریف اور نائب وزیراعظم، وزیر خارجہ اسحٰق ڈار سے الگ الگ ملاقاتیں، تعلقات مزید مستحکم کرنا کا اعادہ

وزیراعظم نے سنگاپور کے ساتھ دیرینہ دوستانہ تعلقات مزید مستحکم کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا ان کا کہنا تھا کہ پاکستان سنگاپور کے ساتھ دوطرفہ اور آسیان سمیت کثیر الجہتی فورمز پر شراکت داری کو اہمیت دیتا ہے

اسلام آباد/کراچی (بزنس رپورٹر) سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالاکرشنن کی فیلڈ مارشل عاصم منیر، وزیراعظم شہباز شریف اور نائب وزیراعظم، وزیر خارجہ اسحٰق ڈار سے الگ الگ ملاقات، تعلقات مزید مستحکم کرنا کا اعادہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق سنگاپور کے وزیر خارجہ نے جنرل ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، بدلتی ہوئی علاقائی و عالمی سکیورٹی صورتحال اور دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں جانب سے علاقائی امن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اہم خبر



ایچ بی ایل مائیکرو فنانس بینک کا اسلامی بینکاری کا آغاز

لائسنس کی منظوری، تیمر گرہ میں پہلی اسلامی بینکاری برانچ کا افتتاح، صدر عارف خان نے کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایچ بی ایل مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ نے اپنے اسلامی بینکاری آپریشنز کا باضابطہ آغاز کر دیا۔ اسٹیٹ بینک کی طرف سے اسلامک بینکنگ لائسنس کی منظوری کے بعد خیبر پختونخوا کے شہر تیمر گرہ میں بینک کی پہلی اسلامی بینکاری برانچ کا افتتاح کیا گیا جو صارفین کو شرعی اصولوں کے مطابق مالی سہولتوں کی فراہمی کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

پی آئی اے کے فضائی بیڑے میں جدید بوئنگ 787 ڈریم لائنر شامل، پہلا طیارہ پاکستان پہنچ گیا

جدید ٹیکنالوجی اور آرام دہ کیبن سے آراستہ ڈریم لائنرز بین الاقوامی پروازوں کے لیے استعمال ہوگا

کراچی (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) کے فضائی بیڑے میں جدید بوئنگ 787 ڈریم لائنر طیارہ شامل ہوگیا، جس نے لندن سے پرواز پی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

اورنگی ٹاؤن میں پولیس مقابلہ، ایک مبینہ ڈاکو ہلاک، اہلکار زخمی

کراچی (این این آئی) ویسٹ زون کے علاقے مجیب گوٹھ، تھانہ اورنگی کی حدود میں پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان مبینہ مقابلے میں ایک ملزم ہلاک جبکہ پولیس اہلکار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

جے یو آئی سندھ کا اہم اجلاس 4 نومبر کو لاڑکانہ میں طلب

جبکہ آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (جے یو آئی) سندھ نے صوبے میں تنظیمی سرگرمیوں کو مؤثر بنانے اور آئندہ پروگراموں کی تیاریوں کے سلسلے میں 4 نومبر 2026ء، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

سپیکر سندھ اسمبلی کی گلگت بلتستان کے عوام کو یوم آزادی کی 79 ویں سالگرہ پر مبارکباد

گلگت بلتستان کے عوام کی قربانیاں اور پاکستان سے الحاق کا تاریخی فیصلہ قومی تاریخ کا اہم باب ہے، سید اویس قادر شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ نے گلگت بلتستان کے عوام کو یوم آزادی کی 79 ویں سالگرہ پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے عوام کی قربانیاں اور پاکستان سے الحاق کا تاریخی فیصلہ ہماری مشترکہ قومی تاریخ کا اہم باب ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں سید اویس قادر شاہ نے کہا کہ 79 سال قبل گلگت بلتستان کے عوام نے ڈوگرہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

اکنامک ٹرانسفارمیشن پلان، پیوٹ کا آغاز

ڈیڑھ لاکھ روزگار کے مواقع، برآمدات میں 6.8 ارب ڈالر اضافہ ہوگا، مریم نواز

عارف حبیب نے کہا کہ پیوٹ جیسے پروگرام کی پاکستان کو بہت ضرورت ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے درست مسائل اور ایشوز کی نشاندہی کی، ان کے حل سے پاکستان تیزی سے ترقی کرے گا، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو دیکھ کر یوں لگ رہا ہے کہ جیسے نواز شریف بول رہے ہیں

زید بشیر نے کہا کہ پنجاب پیوٹ سے بہتر پاکستان کیلئے کیا کرسکتا ہے، پیوٹ 2 کھرب روپے کا شاندار معاشی پلان ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا عام آدمی پر فوکس بہت واضح نظر آرہا ہے، عثمان خالد نے کہا کہ امریکن بزنس فورم کے صدر کی حیثیت سے پیوٹ کا خیر مقدم کرتا ہوں

لاہور/کراچی (علیم نواب خان سے) پنجاب میں لاکھوں خاندانوں کی زندگی میں معاشی انقلاب کی نوید، پیوٹ پنجاب میں اقدار، مواقع اور تبدیلی کیلئے جدت کا پروگرام، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پہلا پنجاب سینو ویشن فار ویلیو، ایز چونٹ اینڈ ٹرانسفارمیشن لانچ کر دیا۔ وزیراعلیٰ نے پیوٹ کیلئے پورٹل بھی لانچ کیا۔ وزیراعلیٰ نے اپنے خطاب میں شرکا کو پیوٹ کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ نئے تین سالہ اکنامک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)



وزیراعلیٰ مریم نواز کا PIVOT کی افتتاحی تقریب میں ممتاز صنعتکاروں عارف حبیب، زید بشیر، سہیل ٹبا، میاں محمد منشاء اور عثمان خالد کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

کراچی: آرام باغ پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چوری میں ملوث ملزم گرفتار

تھانہ آرام باغ کی حدود سے چوری شدہ 2026 ماڈل سپر اسٹار موٹر سائیکل برآمد

کراچی (این این آئی) تھانہ آرام باغ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری میں مبینہ طور پر ملوث ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

بلاول بھٹو کی گلگت بلتستان کے 79 ویں یوم آزادی پر عوام کو مبارکباد

پیپلز پارٹی گلگت بلتستان کے عوام کو بااختیار بنانے، نوجوانوں کو تعلیم و روزگار کے مواقع دینے کیلئے پُرعزم، بلاول بھٹو زرداری

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے گلگت بلتستان کے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر خطے کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ایف بی آر کو پہلے چار ماہ میں 129 ارب روپے کے ٹیکس شارٹ فال کا سامنا

ریٹیلر ز ٹیکس اسکیم بھی ناکام، جولائی تا اکتوبر ٹیکس وصولیاں 4 ہزار 88 ارب روپے رہیں

کراچی (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ، جولائی سے اکتوبر 2026 کے دوران ٹیکس وصولیوں کے مقررہ ہدف کے حصول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

کراچی: منظور کالونی میں ڈکیتی کی واردات، سی سی ٹی وی فوٹیج منظرِ عام پر آ گئی

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے منظور کالونی میں ڈکیتی کی واردات کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آ گئی، جس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

تاریخیں مت دو، کام کراؤ، کراچی کو مزید شیڈول نہیں تیز رفتار ترقی چاہیے، الطاف شکور

کراچی (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور نے شہر میں ترقیاتی منصوبوں کی سست رفتار پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

کراچی میں سیوریج لائن کا ڈھکن واٹر ٹینکر کا وزن برداشت نہ کر سکا، بھاری بھرکم ٹینکر سڑک پر الٹ گیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں بنیادی شہری سہولیات کی خستہ حالی کا ایک اور واقعہ سامنے آ گیا، جہاں نیپا چورنگی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

قطر کا پاکستانیوں کیلئے ایک ماہ کے سیاحتی ویزے کا اعلان

دوحہ (آئی این پی) قطر کی وزارت داخلہ کا کہنا ہے کہ پاکستانی شہریوں کو زیادہ سے زیادہ 30 روز کیلئے یہ سہولت دی جاتی ہے تاہم اس کے حصول کیلئے بعض شرائط پوری کرنا ضروری ہیں، قطر کی وزارت داخلہ کی سرکاری ویب سائٹ پر جاری معلومات کے مطابق پاکستانی شہریوں کی آمد پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ڈرپ مکمل ڈیجیٹل، 86 ہزار ادویات ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم میں شامل

مصطفیٰ کمال

وفاقی وزراء چیئرمین ایف بی آر کی طرز پر ماہانہ بنیادوں پر کراچی کا دورہ کریں، صدر کاٹی شیخ عمر ریحان کا خصوصی مکالمہ

کراچی خوشحال ہوگا تو پاکستان خوشحال ہوگا، این سی او سی طرز کا ادارہ قائم کیا جائے، زبیر چھاپا، زاہد سعید، سلیم الزماں، فرخ قندھاری بھی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر برائے صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (ڈریپ) کے نظام کو مکمل طور پر شفاف اور ڈیجیٹل بنا دیا گیا ہے، فارما انڈسٹری کی 86 ہزار سے زائد ادویات کو ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم میں رجسٹر کر لیا گیا ہے جس کے مطابق لوگ موبائل فون کی مدد سے باآسانی اسکین کر کے ادویات کے اصلی ہونے اور قیمتوں کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اسی طرح فارما انڈسٹری اپنی ادویات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)



کاٹی کے صدر شیخ عمر ریحان، ڈپٹی چیئرمین ان چیف زبیر چھاپا وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں، انیس قائم خانی، زاہد سعید، سلیم الزماں، فرخ قندھاری اور ناصر شیخ بھی موجود ہیں

سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی قومی کرکٹ ٹیم کو سہ ملکی ون ڈے سیریز جیتنے پر مبارکباد

پاکستان کی شاندار فتح پوری قوم کے لیے باعثِ فخر اور خوشی ہے، کھلاڑیوں نے محنت، لگن اور ٹیم ورک سے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا، شرجیل انعام میمن

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے قومی کرکٹ ٹیم کو سہ ملکی ون ڈے سیریز میں شاندار کامیابی حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی فتح نے پوری قوم کے چہروں پر خوشی بکھیر دی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں شرجیل انعام میمن نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

کراچی پورٹ پر کھاد اور گندم سے لدے دو بڑے بحری جہاز پہنچ گئے

ایک لاکھ ایک ہزار ٹن درآمدی کارگو کی ہینڈلنگ، 50 ہزار ٹن ڈی اے پی کھاد اور 51 ہزار ٹن گندم بندرگاہ پر اتارنے کا عمل جاری، ضروری اشیا کی بروقت ترسیل غذائی تحفظ کے لیے ناگزیر ہے، وفاقی وزیر بحری امور

کراچی (این این آئی) کراچی پورٹ پر کھاد اور گندم سے لدے دو بحری جہاز پہنچ گئے، جنہیں ترجیحی بنیادوں پر برتھ فراہم کرتے ہوئے کارگو ہینڈلنگ کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ دونوں بحری جہازوں کے ذریعے مجموعی طور پر ایک لاکھ ایک ہزار ٹن درآمدی کارگو لایا گیا ہے، جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

کراچی میں پولیس مقابلے، 3 ملزمان ہلاک، 4 زخمیوں سمیت 6 گرفتار

نارتھ کراچی میں شاہین فورس کے مقابلے میں دو ملزمان ہلاک، اورنگی ٹاؤن میں ایک ملزم مارا گیا

فائرنگ کے تبادلے میں پولیس اہلکار بھی زخمی، وزیر داخلہ سندھ کی پولیس ٹیموں کو شاباش

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے اضلاع سینٹرل اور ویسٹ میں پولیس نے مختلف کارروائیوں اور مبینہ مقابلوں کے دوران تین ملزمان کو ہلاک جبکہ چار زخمیوں سمیت 6 ملزمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

دنیا کے ہر بڑے ملک میں اردو بولنے اور سمجھنے والے موجود ہیں، مقررین

جدید علوم کو قومی زبان اردو میں منتقل کیا جائے، لغت کو بھی ڈیجیٹائز کر رہے ہیں، زہرا نگاہ، واجد جواد، محمود شام

قومی زبان کانفرنس سے سیف الرحمٰن، سلیم مغل، اخلاق احمد، پروفیسر عظمی فرمان، یاسمین فاروقی کا خطاب، مشاعرے کا بھی انعقاد

کراچی (علیم نواب خان) انجمن ترقی اردو پاکستان کے تحت 2 روزہ قومی زبان کانفرنس سے معروف ادیبہ اور مہمان خصوصی زہرا نگاہ، انجمن ترقی اردو کے صدر واجد جواد اور پرنسپل سیکریٹری ٹو گورنر سندھ سیف الرحمٰن نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں اردو کو قومی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)



انجمن ترقی اردو پاکستان کے تحت دو روزہ قومی زبان کانفرنس سے واجد جواد خطاب کر رہے ہیں، اسٹیج پر نائب معتمد حسن عباس، زہرا نگاہ، یاسمین فاروقی، سیف الرحمٰن بیٹھے ہوئے ہیں

عمران سرور کی قیادت نیشنل بینک کو 48.9 ارب روپے بعد از ٹیکس منافع

فی حصص آمدن 22.98 روپے رہی، اثاثے 7,753.1 ارب تک جا پہنچے

این بی پی کی اصل طاقت صارفین کا اعتماد ہے، ملازمین کی لگن مضبوط بیلنس شیٹ ہے



کراچی (بزنس رپورٹر) نیشنل بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس گزشتہ دنوں منعقد ہوا جس میں 30 ستمبر 2026ء کو رواں سال کے ابتدائی 9 ماہ کے لیے بینک کے عبوری مختصر مالیاتی نتائج کی منظوری دی گئی۔ کم شرح سود کے ماحول اور گزشتہ سال کی اسی مدت کے غیر معمولی طور پر مستحکم مالیاتی نتائج کے پیش نظر بینک نے 2026ء کے پہلے 9 ماہ کے دوران 193.6 ارب روپے کی مجموعی آمدن اور 48.9 ارب روپے کا بعد از ٹیکس منافع حاصل کیا جبکہ فی حصص آمدن 22.98 روپے رہی۔ رواں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

کراچی میں گرمی کا سلسلہ برقرار، پارہ 37 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچنے کا امکان

آئندہ تین روز کے دوران کم سے کم درجہ حرارت 21 ڈگری رہنے کی پیشگوئی، دن اور رات کے درجہ حرارت میں نمایاں اوقات میں گرمی کا سلسلہ

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں دن کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

سلام آباد کی صنعتی ترقی کیلئے ہمیں انڈسٹریل اسٹیٹ بنانا ہے، سردار سلیم حیدر خان

اوورسیز پاکستانی قومی معیشت میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، چیئرمین او پی ایف سید قمر رضا، سردار ظہور اقبال

گورنر پنجاب کی آئی سی آئی کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء، سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ اور نائب صدر محمد وقاص خان سواتی کو انتخابات میں کامیابی پر مبارکباد

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کو کاروباری برادری کے اہم مسائل کے حل کے لیے اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا ہے کہ وہ بالخصوص اسلام آباد میں نئی انڈسٹریل اسٹیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

فریال تالپور کی گلگت بلتستان کے 79 ویں یوم آزادی پر مبارکباد

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کی مرکزی صدر فریال تالپور نے گلگت بلتستان کے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر خطے کے عوام سمیت پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے بہادر عوام نے ڈوگرہ راج کے جابرانہ تسلط کے خلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

شہید دودو سومرو اتحاد آرگنائزیشن پاکستان کی تنظیمی سرگرمیوں میں تیزی، اہم عہدوں پر نئی تقرریاں

کراچی (این این آئی) شہید دودو سومرو اتحاد آرگنائزیشن پاکستان نے اپنی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید وسعت دیتے ہوئے اہم عہدوں پر نئی تقرریوں کا اعلان کر دیا ہے۔ وزیر علی سومرو کو کراچی ایسٹ سے سندھ کونسل کا ممبر جبکہ بابر شیر محمد سومرو کو کراچی کا نائب صدر منتخب کر لیا گیا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

جناح اسپتال میں بجلی کی بندش اور جنریٹرز کی ناکامی

تین ماہ میں ڈیزل پر 52 لاکھ روپے سے زائد خرچ ہونے کا انکشاف

آئی سی یو کے دو مریضوں کی اموات، انتظامیہ نے بجلی کی بندش کو اموات کی وجہ قرار دینے سے انکار کر دیا

کراچی (این این آئی) سندھ کے سب سے بڑے سرکاری طبی ادارے جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر (جناح اسپتال) میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی کی سہولت اور لوڈ شیڈنگ سے استثنیٰ کے باوجود ہنگامی جنریٹرز کی کارکردگی پر سنگین سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ اسپتال کے جنریٹرز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

ملک بھر میں 16 نومبر سے ایل پی جی کی فروخت بند کرنے کا اعلان

گیس بحران شدت اختیار کرنے کا خدشہ، حکومتی نئے پرائسنگ فارمولے کے خلاف ایل پی جی ایسوسی ایشنز کا ملک گیر ہڑتال کا فیصلہ، قیمتوں میں 25 سے 30 فیصد اضافے کا خدشہ

کراچی (این این آئی) حکومت کی جانب سے مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی قیمتوں کے تعین کے لیے نیا فارمولا متعارف کرانے کے خلاف ایل پی جی ایسوسی ایشنز نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

فقیرا گوٹھ میں شوہر نے مبینہ طور پر بیوی اور اس کے آشنا کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا

ملزم ایوب واردات کے بعد اپنے دو بچوں سمیت فرار، پولیس نے جائے وقوعہ سے 30 بور پستول کے خول برآمد کر لیے

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے سپر ہائی وے، فقیرا گوٹھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

عادل صلاح الدین کامیاب: اسٹینڈرڈ چارٹرڈ کی آمدنی 53.6 ارب روپے

اخراجات، آمدنی کا تناسب 33 فیصد پر برقرار، ڈپازٹس 739 ارب رہے، صدر اسٹینڈرڈ چارٹرڈ سردار سلیم حیدر خان

ہمارے نتائج ہمارے کاروباری ادارے کی مضبوطی اور بدلتے حالات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت کا مظہر ہیں



کراچی (بزنس رپورٹر) اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ نے 30 ستمبر 2026 کو ختم ہونے والے نو ماہ کے دوران مستحکم مالیاتی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اس عرصے میں بینک کا قبل از ٹیکس منافع 37.1 ارب روپے رہا جبکہ گزشتہ سال کی اسی مدت میں یہ 46.1 ارب روپے تھا۔ اس عرصے میں بینک کی آمدنی 53.6 ارب روپے رہی جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 15 فیصد کم ہے۔ اس کی بنیادی وجہ شرح سود میں کمی تھی۔ ملازمین اور انفرا اسٹرکچر میں سرمایہ کاری کے باوجود اخراجات پر مؤثر کنٹرول کے باعث بینک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

لیاری کنڈرات میں تبدیل، 25 ارب 28 کروڑ کے ٹرانسفارمیشن پیکیج کا حساب دیا جائے، منعم ظفر

لیاری میں 18 سے 20 گھنٹے لوڈ شیڈنگ، پانی، صفائی اور بنیادی سہولیات کا بحران سنگین ہو چکا

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر نے کہا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری آئی سی سی آئی کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء اور اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن او پی ایف) کے چیئرمین سید قمر رضا نے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کو چیمبر کی یادگاری شیلڈ پیش کی۔ اس موقع پر پاکستان بزنس فورم فرنس کے چیئرمین سردار ظہور اقبال آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ نائب صدر محمد وقاص خان سواتی چیمبر کے سابق صدور محمد اعجاز عباسی اور میاں اکرم فرید ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین رانا استخار اور محمد نعمان سمیت دیگر کاروباری رہنما بھی موجود تھے۔

کراچی: سردار شاہد احمد لغاری کی جانب سے ایس ایم تنویر اور یو بی جی رہنماؤں کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے کے شرکا کا لیا گیا گروپ فوٹو

روزنامہ
قوم کی آواز
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
کراچی
منیجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON
VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

پٹرولیم لیوی پر کمیٹی کا قیام۔۔۔!

پٹرولیم لیوی کے مسئلے پر وفاقی حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان چھ رکنی مشترکہ کمیٹی کے قیام پر اتفاق ہوگیا ہے۔ منگل کو وزیراعظم شہباز شریف سے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کی قیادت میں جماعت اسلامی کے وفد نے ملاقات کی جس میں یہ اتفاقِ رائے ہوا۔ حکومت اور جماعت اسلامی کے تین، تین اراکین پر مشتمل کمیٹی عوام کیلئے پٹرول پر جاری ریلیف سکیم کا دائرہ کار بڑھانے کے علاوہ پٹرولیم لیوی میں مرحلہ وار کمی کے لئے قابلِ عمل تجاویز سے متعلق حتمی سفارشات ترتیب دے گی تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچایا جاسکے۔ وزیراعظم نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے حوالے سے جماعت اسلامی کی طرف سے مذاکرات کا راستہ اختیار کرنے پر وفد کا شکریہ ادا کیا۔ وفد نے پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کی ریلیف بارے اپنے موقف کا اظہار کیا۔ ملک میں جمہوریت کا حسن اور سیاسی پختگی کی بڑی علامت یہ ہے کہ تمام درپیش قومی وعوامی مسائل کا حل تصادم، دھرنوں، ہڑتالوں اور سڑکوں پر احتجاج کے بجائے مذاکرات کی میز پر تلاش کیا جائے۔ پاکستان کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جب بھی سڑکوں کو میدانِ جنگ بنایا گیا، نہ صرف معاشی نقصان ہوا بلکہ آئینی ڈھانچہ بھی کمزور ہوا۔ اِس پس منظر میں وفاقی حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان پٹرولیم لیوی کے اہم اور حساس معاملے پر ہونے والی ملاقات اور اِس کے نتیجے میں چھ رکنی مشترکہ کمیٹی کے قیام کو سیاسی تدبر کا بہترین مظاہرہ قرار دیا جائے گا۔ حکومت کی طرف سے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال اور مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ جبکہ جماعت اسلامی کی جانب سے سینئر رہنما لیاقت بلوچ، سید فراست شاہ، نصر اللہ رندھاوا اور جناب عنایت اللہ کو کمیٹی میں نامزد کیا گیا ہے۔ آج کا پاکستان جن معاشی چیلنجوں، قرضوں کے بوجھ اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں (آئی ایم ایف) کی سخت شرائط سے نبرد آزما ہے، اِس میں ملک مزید کسی ہڑتال، لانگ مارچ یا پہیہ جام احتجاج کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ اگرچہ احتجاج کرنا جمہوری معاشروں میں اپوزیشن کا آئینی اور قانونی حق ہے، لیکن ایک ذمہ دار سیاسی جماعت کا فرض ہوتا ہے کہ وہ قومی مفاد کو ذاتی یا حزبی ترجیحات پر فوقیت دے۔ وفاقی حکومت اور بالخصوص وزیراعظم شہباز شریف کا جماعت اسلامی کے وفد کا خیر مقدم کرنا اور اُن کے خدشات کو سُن کر عملی قدم اٹھانا بھی قابلِ تحسین ہے۔ وزیراعظم نے بالکل بجا فرمایا کہ حکومت اپنی موجودہ مالی استعداد کے دائرے میں رہتے ہوئے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کی کوشش کر رہی ہے۔ یہ بات سچ ہے کہ ایک طرف بین الاقوامی مالیاتی وعدوں اور بجٹ خسارے کو پورا کرنے کی مجبوری کا سامنا ہے تو دوسری طرف مہنگائی کی چکی میں پستے ہوئے عوام کی دادرسی بھی ضروری ہے۔ پٹرولیم لیوی ایک ایسا مسئلہ ہے جو براہِ راست ملک کے ہر شہری کی زندگی پر اثر انداز ہوتا ہے۔ جب پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں بڑھتی ہیں تو اِس کے اثرات محض گاڑیوں کے ایندھن تک محدود نہیں رہتے بلکہ کرایوں کے علاوہ روٹی، سبزی، ادویات اور دیگر تمام بنیادی اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں بھی خودکار طریقے سے اضافہ ہو جاتا ہے۔ اِس وقت ملک میں غریب اور درمیانہ طبقہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہے۔ ایسے میں حکومت اور جماعت اسلامی کی کمیٹی کے سامنے دو اہم نکات رکھے گئے ہیں۔ ایک یہ کہ عوام کے لئے پٹرول پر جاری ریلیف سکیم کا دائرہ کار وسیع کیا جائے تاکہ مستحقین اور دہاڑی دار طبقے کو براہِ راست فائدہ پہنچ سکے۔ دوسرا آنے والے بجٹ میں پٹرولیم لیوی کو مرحلہ وار اور منظم انداز میں کم کرنے کی قابلِ عمل تجاویز پیش کی جائیں۔ مشترکہ کمیٹی اِن دو نکات پر دیانتداری، پیشہ ورانہ مہارت اور معاشی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے سفارشات تیار کرتی ہے تو عوام کو ایک بڑا اور محسوس ہونے والا ریلیف مل سکتا ہے۔ پٹرولیم لیوی میں یکمشت کمی شاید معاشی حدود و قیود اور آئی ایم ایف کی پابندیوں کے باعث ممکن نہ ہو، لیکن مرحلہ وار کمی اور ہدف شدہ اقدامات کے ذریعے کم از کم، کم آمدنی والے طبقے کو خصوصی رعایت دی جاسکتی ہے۔ کمیٹی کے اراکین، جن میں معاشی اور سیاسی امور کے ماہرین شامل ہیں، یقیناً کوئی ایسا راستہ نکالنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔



شہیر خان بھٹو کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم انتظامات کا جائزہ اجلاس

فیصل عبداللہ چاچڑ، عبدالوہاب عباسی، ڈاکٹر سندیپ کمار، ڈاکٹر منیر احمد میمن، ڈاکٹر وحید رحمانی، ڈاکٹر عالم آزاد، منظور احمد، محمد اقبال کمہار، فقیر محمد خاصخیلی و دیگر موجود



میر پور خاص (بیورو چیف) ڈویژنل کمشنر شہیر خان بھٹو کی زیر صدارت 2 سے 5 نومبر 2026 تک ہونے والی انسداد پولیو مہم کا انتظامات کا جائزہ لینے کے متعلق کمشنر کمیٹی ہال میں ایک اجلاس منعقد ہوا اس موقع پر ڈی آئی جی پولیس فیصل عبداللہ چاچڑ، ایڈیشنل ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ عبدالوہاب عباسی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر میر پور خاص ڈاکٹر سندیپ کمار، ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر منیر احمد میمن، ڈسٹرکٹ پولیو کنٹرول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

غیر رسمی تعلیمی پروگرام کے تحت اساتذہ میں جائیکا اور ڈائریکٹوریٹ آف لٹریسی کے تعاون سے ٹیبلٹس تقسیم کئے گئے



میر پور خاص (بیورو رپورٹ) غیر رسمی تعلیمی پروگرام کے تحت اساتذہ میں جائیکا اور ڈائریکٹوریٹ آف لٹریسی کے تعاون سے ٹیبلٹس تقسیم کئے گئے تفصیلات کے مطابق ضلع میر پور خاص میں غیر رسمی تعلیمی پروگرام کے تحت جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (JICA) اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

سول اسپتال میر پور خاص میں 9 ماہ کے دوران 5 لاکھ 27 ہزار او پی ڈی معائنے، 27 ہزار سے زائد مریض داخل

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) سول اسپتال میر پور خاص میں 9 ماہ کے دوران 5 لاکھ 27 ہزار او پی ڈی معائنے، 27 ہزار سے زائد مریض داخل، تقریباً 3 لاکھ لیبارٹری ٹیسٹ کیے گئے، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ/سول سرجن ڈی ایچ کیو سول اسپتال میر پور خاص نجمی چوہان کی جانب سے جاری کردہ جنوری تا ستمبر 2026ء کی کارکردگی رپورٹ کے مطابق نو ماہ کے دوران مختلف شعبوں کی او پی ڈیز میں مجموعی طور پر 5 لاکھ 27 ہزار 646 معائنے کیے گئے، جبکہ 27 ہزار 308 مریضوں کو اسپتال میں داخل کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

عباسی شہید اسپتال کا 150 بستروں پر مشتمل نیا بلاک آئندہ ہفتے فعال کر دیا جائے گا، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب



کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے عباسی شہید اسپتال کے نئے تعمیر شدہ بلاک کا تفصیلی دورہ کیا اور متعلقہ حکام سے منصوبے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

آئی ایم سی او ور 40 کرکٹ ورلڈ کپ میں پاکستانی ٹیم کپتان جنید خلیل نینی تال والا کی سربراہی میں فائنل میں پہنچ گئی

کراچی (اسپورٹس رپورٹر/کاشف احمد فاروقی) گیانا میں جاری آئی ایم سی او ور 40 کرکٹ ورلڈ کپ میں پاکستانی ٹیم نے کپتان جنید خلیل نینی تال والا کی سربراہی میں بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے انگلینڈ جیسی مضبوط ٹیم کو 2 وکٹوں سے شکست دے کر شاندار کامیابی حاصل کی اور فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کیا۔ انگلینڈ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 45 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 205 رنز بنائے۔ پاکستان کی جانب سے محمد خلیل نے 9 اوورز میں 43 رنز دے کر 2 وکٹ، میاں محمد عرفان نے 2 وکٹ، وسیم علی 2 وکٹ، طارق محمود نے 2 وکٹ جبکہ سید فرید الدین نے 1 وکٹ حاصل کی۔ جیمس ڈفی 43 رنز، ریحان کینک 53 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ جواب میں پاکستانی ٹیم نے 41 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 206 رنز بنا کر فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کیا۔ پاکستان کی جانب سے فہد جبار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

نان ٹیچنگ اسٹاف کے جونیئر کلرکس کی عارضی سینیارٹی لسٹ جاری، اعتراضات اور درستگی کے لیے تحریری درخواستیں طلب کر لی گئیں

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) نان ٹیچنگ اسٹاف کے جونیئر کلرکس کی عارضی سینیارٹی لسٹ جاری، اعتراضات اور درستگی کے لیے تحریری درخواستیں طلب کر لی گئیں، ڈائریکٹر اسکول ایجوکیشن پرائمری میر پور خاص ڈویژن، پروفیسر فقیر محمد خاصخیلی نے نان ٹیچنگ اسٹاف کے جونیئر کلرکس کی عارضی سینیارٹی لسٹ جاری کر دی ہے۔ پروفیسر فقیر محمد خاصخیلی کے مطابق عارضی سینیارٹی لسٹ ملاحظے کے لیے ڈائریکٹر اسکول ایجوکیشن پرائمری کے دفتر میں رکھی گئی ہے۔ تمام متعلقہ نان ٹیچنگ اسٹاف اور جونیئر کلرکس کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ لسٹ میں اپنے نام اور کوائف کی جانچ پڑتال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

ایکسین واپڈا عمر کوٹ علی رضا بھٹی کی جانب سے کنری کے نواحی گاؤں شیر خان رند میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا



کنری (رپورٹ رضوان مغل) ایکسین واپڈا عمر کوٹ علی رضا بھٹی کی جانب سے کنری کے نواحی گاؤں شیر خان رند میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں بجلی صارفین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

کھان تھانے کی حدود مبینہ طور پر بھائی کے ہاتھوں فائرنگ کر کے بہن قتل، ملزم واردات کے بعد فرار ہو گیا

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) کھان تھانے کی حدود مبینہ طور پر بھائی کے ہاتھوں فائرنگ کر کے بہن قتل، تفصیلات کے مطابق کھان کے علاقے میں مبینہ طور پر بھائی نے فائرنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



سیکرٹری محکمہ اوقاف، مذہبی امور، زکوٰۃ و عشر کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد، محکمانہ کارکردگی، زکوٰۃ فنڈز کے استعمال اور عوامی فلاحی اقدامات کا تفصیلی جائزہ



کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی/سکھر کیم نومبر۔ سیکرٹری اوقاف، مذہبی امور، زکوٰۃ و عشر حکومت سندھ آغا فاخر حسین درانی نے ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر زکوٰۃ سکھر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

پولیس کی جانب سے بااثر افراد کے کہنے پر ہراساں کرنے اور جھوٹے مقدمات درج ہونے کے خلاف چھڈر برادری کے مزدوروں کا احتجاج

خیر پور (رپورٹ سجاد حسین شر) پولیس کی جانب سے بااثر افراد کے کہنے پر ہراساں کرنے اور جھوٹے مقدمات درج ہونے کے خلاف چھڈر برادری کے مزدوروں کا احتجاج۔ خیر پور میں پولیس کی جانب سے بااثر افراد کے کہنے پر مبینہ ہراسانی اور جھوٹے مقدمات درج ہونے کے معاملے کے خلاف چھڈر برادری کے مزدوروں نے احتجاج کیا جس کی قیادت جسنار علی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمد و رفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیز گام	5:30	9:55

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

تصاویر: نسیم خان

ترتیب: علیم نواب خان

اٹلی کے قونصل خانے کراچی میں عالمی یومِ پاستا کی شاندار تقریب کا انعقاد

سفارتی مشنز کو اٹلی کے نائب صدر وزراء اور وزیر خارجہ و بین الاقوامی تعاون انتونیو تاجانی کی جانب سے عالمی یومِ اطالوی پاستا منانے کی دعوت دی گئی

قونصل جنرل مسٹر فیبر یزیو بیلی کا تقریب سے خطاب، مہمانوں کو بتایا کہ کراچی میں اٹلی کا قونصل خانہ پہلی مرتبہ عالمی یومِ پاستا کی میزبانی کر رہا ہے

اس اقدام کی نگرانی انٹرنیشنل پاستا آرگنائزیشن (IPO) کر رہی ہے، جو ایک غیر منافع بخش تنظیم ہے اور 2006 میں روم میں قائم کی گئی تھی



کراچی (بزنس رپورٹر) کراچی میں اٹلی کے قونصل خانے نے عالمی یومِ پاستا کی تقریبات کا اہتمام کیا، جس میں مقامی کاروباری شخصیات، حکام، سفارت کاروں اور اٹلی کے دوستوں نے شرکت کی۔ اس سال عالمی یومِ پاستا کی تقریبات ایک بار پھر اٹلی کے شہر پارما میں منعقد ہوئیں، جہاں 27 اور 28 اکتوبر کو معروف نمائش ''سی بس ٹیک (TecCibus)'' کے ساتھ ان تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ اس میں صنعت سے وابستہ ماہرین، اداروں اور سپلائی چین کے مختلف شعبوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اسی سلسلے میں بیرونِ ملک قائم تمام اطالوی سفارتی مشنز کو اٹلی کے نائب صدرِ وزراء اور وزیر خارجہ و بین الاقوامی تعاون انتونیو تاجانی کی جانب سے عالمی یومِ اطالوی پاستا منانے کی دعوت دی گئی۔ اس اقدام کا مقصد پاستا کو اطالوی شناخت، ثقافت اور صنعتی مہارت کی علامت کے طور پر فروغ دینا اور ''میڈ اِن اٹلی'' کی وسیع تر تشہیر کرنا ہے۔ اس اقدام کی نگرانی انٹرنیشنل پاستا آرگنائزیشن (IPO) کر رہی ہے، جو ایک غیر منافع بخش تنظیم ہے اور 2006 میں روم میں قائم کی گئی تھی۔ یہ تنظیم 18 ممالک کی پاستا انڈسٹری سے وابستہ انجمنوں کو یکجا کرتی ہے تاکہ دنیا بھر میں پاستا کے استعمال اور اس کے حوالے سے آگاہی کو فروغ دیا جا سکے، جبکہ اس کی غذائی افادیت کو بھی اجاگر کیا جا سکے۔ یہ اقدام عالمی یومِ پاستا کی روایت کا تسلسل ہے، جو 1995 سے ہر سال 25 اکتوبر کو منایا جاتا ہے۔ اس کا آغاز روم میں منعقدہ پہلے عالمی پاستا کانگریس سے ہوا تھا، جس میں دنیا بھر کے پاستا تیار کرنے والے اداروں کی نمائندہ انجمنوں نے شرکت کی تھی۔ کراچی میں اٹلی کے قونصل جنرل مسٹر فیبر یزیو بیلی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمانوں کو بتایا کہ کراچی میں اٹلی کا قونصل خانہ پہلی مرتبہ عالمی یومِ پاستا کی میزبانی کر رہا ہے۔ اس سے قبل کراچی جیسے متحرک شہر میں منعقد ہونے والی اطالوی کھانوں کی ہفتہ وار تقریبات (Italian WeekCuisine) کی غیر معمولی کامیابی نے اس اقدام کی حوصلہ افزائی کی۔

☆☆☆

پاکستان اور کینیڈا میں زرعی غذائی تجارت اور پودوں کے تحفظ کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

ڈاکٹر عظمیٰ ستارہ کی قیادت میں پاکستانی وفد کی اوٹاوا میں پاکستان کے ہائی کمشنر محمد سلیم سے ملاقات

محمد حسن چغتائی اور طیب ولایت بھی وفد میں شامل، کینیڈین فوڈ انسپیکشن ایجنسی کے تربیتی سیمینار میں شرکت

کینیڈین فوڈ انسپیکشن ایجنسی کا سیمینار 26 سے 30 اکتوبر تک جاری رہا، غذائی تحفظ اور پودوں کی صحت زیرِ بحث



اوٹاوا (بزنس رپورٹر) پاکستان اور کینیڈا نے زرعی غذائی تجارت کے فروغ، پودوں کے تحفظ اور متعلقہ ضابطہ جاتی شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ اس سلسلے میں وزارتِ قومی غذائی تحفظ و تحقیق، حکومتِ پاکستان کے محکمہ تحفظِ نباتات کے تین رکنی سرکاری وفد نے کینیڈا کے دارالحکومت اوٹاوا میں پاکستانی ہائی کمشنر محمد سلیم سے ملاقات کی۔ وفد کی قیادت ڈاکٹر عظمیٰ ستارہ، پرنسپل سائنٹیفک آفیسر، کر رہی تھیں، جبکہ ان کے ہمراہ محمد حسن چغتائی، سینئر سائنٹیفک آفیسر، اور طیب ولایت، ماہر حشرات، کوارنٹائن/پاکستان سنگل ونڈو بھی موجود تھے۔ پاکستانی وفد کینیڈین فوڈ انسپیکشن ایجنسی کے زیرِ اہتمام منعقد ہونے والے ایک اہم تربیتی سیمینار میں شرکت کے لیے اوٹاوا میں موجود ہے۔ یہ سیمینار 26 سے 30 اکتوبر 2026ء تک جاری ہے، جس کا موضوع کینیڈین فوڈ انسپیکشن ایجنسی اور خوراک، تحفظ، صحت، پودوں اور حیوانات سے متعلق اس کے ضابطہ جاتی نظام پر مبنی ہے۔ اس پروگرام کا مقصد متعلقہ شعبوں میں معلومات کے تبادلے، پیشہ ورانہ استعداد میں اضافے اور ضابطہ جاتی معاملات کی بہتر تفہیم کو فروغ دینا ہے۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور کینیڈا کے درمیان زرعی غذائی تجارت میں بڑھتے ہوئے دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ہائی کمشنر محمد سلیم نے اس شعبے میں دونوں ممالک کے درمیان تعاون کے فروغ کو خوش آئند قرار دیا اور متعلقہ ضابطہ جاتی نظام میں استعداد کار بڑھانے کے لیے جاری مختلف اقدامات کو سراہا۔ انہوں نے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں روابط مزید گہرے کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ پاکستان اور کینیڈا کے درمیان زرعی غذائی تجارت دونوں ممالک کے لیے اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ اس شعبے میں تعاون کے ذریعے زرعی مصنوعات کی تجارت، خوراک کے تحفظ اور پودوں و حیوانات کی صحت سے متعلق امور پر مشترکہ طور پر کام کرنے کے مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے ضابطہ جاتی طریقہ کار سے متعلق معلومات کا تبادلہ اور متعلقہ اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ کینیڈین فوڈ انسپیکشن ایجنسی کا سیمینار بھی اسی تناظر میں اہمیت کا حامل ہے، جس میں خوراک کی جانچ، تحفظ، صحت اور پودوں و حیوانات سے متعلق ضابطہ جاتی فریم ورک پر توجہ دی جا رہی ہے۔ ایسے تربیتی پروگرام متعلقہ حکام کو دوسرے ملک کے نظام، طریقہ کار اور انتظامی تجربات سے آگاہ ہونے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ اس سے ادارہ جاتی سطح پر تعاون کے نئے امکانات تلاش کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 1 «قوم کی آواز»

پروگرام فوکل پرسن ڈاکٹر وحید رحمانی، ڈبلیو ایچ او کے ڈاکٹر عالم آزاد، ڈسٹرکٹ مینیجر پی پی آئی اے منظور احمد، ڈائریکٹر سیکنڈری اسکولز ایجوکیشن محمد اقبال کمہار، ڈائریکٹر پرائمری اسکولز فقیر محمد خاصخیلی اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر کمشنر نے ڈویژن بھر کے اسسٹنٹ کمشنروں اور محکمہ صحت کے افسران کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے مائکرو پلان کے تحت طے شدہ اہداف کے حصول کے لیے موثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے ایریا انچارجز اور تعلقہ فوکل پرسن کو بھی اس ضمن میں پابند کیا جائے۔ کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ پولیو مہم کے دوران پولیو ٹیموں کی ہر یوسی ہر محلے اور گلی میں موجودگی کی نگرانی کی جائے تا کہ کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے نہ رہ جائے اس ضمن میں کسی بھی قسم کی غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 2 «قوم کی آواز»

کر کے اپنی 30 سالہ بہن کو قتل کر دیا، جبکہ ملزم واردات کے بعد فرار ہو گیا کھان تھانے کی حدود میں واقع گاؤں حاجی علی ڈونمری میں مبینہ طور پر حاجی خان مری نے اپنی بہن فرزانہ مری کو پستول سے فائرنگ کر کے قتل کر دیا واقعے کی اطلاع ملنے پر متعلقہ پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش کو تحویل میں لے کر سول اسپتال منتقل کر دیا اس حوالے سے کھان تھانے کے ایس ایچ او جاوید حیات پنہور نے بتایا کہ مقتولہ کے والد بھورو مری کے مطابق وہ شہر گئے ہوئے تھے کہ اس دوران گھر میں ان کے بیٹے حاجی خان اور بیٹی فرزانہ کے درمیان بچوں کے معاملے پر تلخ کلامی ہوگئی، جس پر مشتعل ہو کر بیٹے نے اپنی بہن کو گولیاں مار کر قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہو گیا پولیس ذرائع کے مطابق مقتولہ شادی شدہ تھی تاہم پوسٹ مارٹم کے وقت اس کا شوہر بھی سول اسپتال میں موجود نہیں تھا دوسری جانب علاقے میں یہ چہ گوئیاں بھی گردش کر رہی ہیں کہ مقتولہ کو مبینہ طور پر کاروکاری کے الزام کے تحت قتل کیا گیا ہے پولیس واقعے کی مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 3 «قوم کی آواز»

51، شہریار غنی 48 اور وسیم علی 30 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ جونی ڈِمنس 2، بین فریز ر2، جیمس کمبلین 1، اسٹیفن نیلر 1، ارش سکسینا 2 وکٹ حاصل کی۔ پاکستان نے پول میں پہلے کرین کو، انڈیا کو، نیوزی لینڈ کو، امریکا کو ہرا کر سیمی فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کیا اور سیمی فائنل میں انگلینڈ جیسی مضبوط ٹیم کو ہرا کر فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کیا

بقیہ نمبر 4 «قوم کی آواز»

کریں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی ملازم کو سینیارٹی لسٹ میں کسی قسم کی غلطی کی نشاندہی یا درستگی درکار ہو تو وہ مقررہ مدت کے اندر تحریری درخواست ڈائریکٹر کے دفتر میں جمع کروائے۔ مقررہ مدت ختم ہونے کے بعد سینیارٹی لسٹ کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 5 «قوم کی آواز»

ڈویژن کے دفتر میں متعلقہ ضلعی ٹیموں کے ساتھ کل اہم اجلاس کی صدارت کی، جس میں محکمانہ کارکردگی، عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات پر پیش رفت اور زکوٰۃ سے متعلق پروگراموں پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے دوران زکوٰۃ فنڈز کے استعمال اور تقسیم، مستحقین کو مالی معاونت کی فراہمی، ضلعی ومقامی زکوٰۃ کمیٹیوں کی کارکردگی، صحت کے شعبے میں مالی معاونت اور مالی وانتظامی ضوابط پر عملدرآمد سے متعلق امور زیر غور آئے سیکریٹری اوقاف نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مستحق افراد کے منظور شدہ کیسز پر بروقت کارروائی، مختص فنڈز کا درست استعمال، مکمل مالی ریکارڈ کی تیاری اور متعلقہ قوانین وضوابط پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے شفافیت، جوابدہی اور مؤثر نگرانی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے ہدایت کی کہ زکوٰۃ کی امداد حقیقی مستحقین تک پہنچانے کے لیے تمام ضروری انتظامی اقدامات کیے جائیں اجلاس میں دیگر انتظامی امور کا بھی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ زیر التوا معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور قانون وحکمرانہ پالیسی کے مطابق ضروری کارروائی کے لیے تازہ ترین رپورٹس پیش کی جائیں اس موقع پر سیکریٹری اوقاف نے صوبائی وزیر برائے اوقاف، مذہبی امور، زکوٰۃ و عشر سید ریاض حسین شاہ شیرازی کی جانب سے عوامی شکایات کے بروقت ازالے، انتظامی رکاوٹوں کے خاتمے اور سرکاری خدمات کی فراہمی میں بہتری سے متعلق ہدایات سے بھی افسران کو آگاہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ زیر التوا عوامی مسائل کو اپنے قانونی اختیارات کے تحت حل کیا جائے اور عوام کو مؤثر، شفاف اور بروقت سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے سیکریٹری اوقاف کی جانب سے ہدایات جاری کی گئیں کہ عوامی فلاح و بہبود سے متعلق خدمات مؤثر، شفاف اور متعلقہ قانونی ضوابط کے مطابق فراہم کی جائیں، جبکہ معاشرے کے مستحق اور کمزور طبقات کی ضروریات پر خصوصی توجہ دی جائے اجلاس میں چیئرمین ڈسٹرکٹ زکوٰۃ وعشر کمیٹی شکارپور عمران علی ناریجو، ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر زکوٰۃ سکھر ڈویژن صدر الدین سومرو، ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر زکوٰۃ سکھر رفیق احمد بلوچ، ڈسٹرکٹ زکوٰۃ افسران ضمیر اعجاز میمن، محمد سلیم تنواری، نیاز احمد شیخ اور غلام یاسین عباسی سمیت دیگر متعلقہ افسران اور محکمہ اوقاف کے حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 6 «قوم کی آواز»

علی بخش، غلام محمد چھڈ اور دیگر کر رہے تھے۔ احتجاج کرتے ہوئے مزدوروں نے کہا کہ خیرپور کی بی سیکشن پولیس سمیت مختلف تھانوں کی پولیس نے جینا محال کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سہاگ برادری نے کچھ عرصہ قبل گھر پر فائرنگ حملہ کر کے میرے بھائی 9 ویں کلاس کے طالب علم کامران چھڈ کو قتل کرنے سمیت فائرنگ کر کے 2 معصوم بچیوں کو زخمی کرنے کے بعد فرار ہو گئے تھے جس کا مقدمہ خیرپور کی عدالت میں چل رہا ہے۔ انہوں نے الزام لگاتے ہوئے کہا کہ اس وقت سہاگ برادری کے بااثر ڈاکٹر غلام مصطفی سہاگ اور ان کے بھائی علی مراد سہاگ خیرپور پولیس کو پیسے دے کر ہمیں پولیس کے ذریعے پریشر ڈال کر زبردستی صلح کرانے کے لیے کہہ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم مسکین ہیں پولیس نے ہمارے خلاف محاذ کھول رکھا ہے۔ عدالت میں لگے مقدمے کی پیشی پر بھی نہیں جا سکتے پولیس راستہ روک کر ہمیں اٹھا کر غائب کر دیتی ہے جس کی وجہ سے ہم عدالت میں لگی پیشی پر نہیں جا پا رہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم مسکین غریب ہیں ظلم کی انتہا ہو گئی ہے بااثر افراد نے جینا محال کر دیا ہے۔ کچھ دن پہلے بھی بااثر افراد نے جھوٹا ڈرامہ بنا کر سکھر کیس سے پیشی سے واپسی پر میرے چچا مویشیوں کے بیوپاری صاحب خان چھڈ کو پولیس سے گرفتار کرا کر اس پر جھوٹا مقدمہ درج کرایا ہے۔ انہوں نے ایس ایس پی خیرپور، ڈی آئی جی سکھر، چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ اور معزز جج صاحبان سے نوٹس لے کر درج جھوٹے مقدمات ختم کرنے اور پولیس پریشر کا نوٹس لے کر انصاف کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 7 «قوم کی آواز»

نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے اپنے مسائل پیش کیے۔ اس موقع پر بجلی کے ڈیٹیکشن بلوں، زائد بلنگ اور واپڈا سے متعلق دیگر شکایات سنی گئیں اور متعدد مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ایکسین واپڈا اعمر کوٹ علی رضا بھٹی نے گاؤں شیر خان رند میں کھلی کچہری کے دوران صارفین سے براہِ راست ملاقات کی اور ان کے بجلی سے متعلق مسائل معلوم کیے۔ اس موقع پر صارفین نے ڈیٹیکشن بلوں، بجلی کے بلوں میں درپیش مشکلات اور دیگر شکایات سے متعلق افسران کو آگاہ کیا۔ ایکسین واپڈا نے شکایات کا جائزہ لیا اور متعلقہ عملے کو مسائل کے حل کے لیے ضروری ہدایات دیں۔ کھلی کچہری میں ایس ڈی او جیسکو کنری علی گل کھہرو، سابق ایس ڈی او طاہر علی آرائیں سمیت واپڈا کے دیگر افسران اور عملہ بھی موجود تھا، جنہوں نے صارفین کے مسائل سننے اور ان کے حل کے سلسلے میں اپنا کردار ادا کیا۔ اس موقع پر ایکسین واپڈا اعمر کوٹ علی رضا بھٹی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا مقصد بجلی صارفین کو درپیش مسائل ان کی دہلیز پر سننا اور ان کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صارفین کی شکایات کا ازالہ اور انہیں بہتر سہولیات کی فراہمی محکمہ کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بجلی صارفین اپنے مسائل اور شکایات متعلقہ افسران کے سامنے پیش کریں تا کہ ان کا قانون اور ضابطے کے مطابق جائزہ لے کر مناسب کارروائی کی جا سکے۔ اس موقع پر صارفین نے کھلی کچہری کے انعقاد کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ گاؤں کے مکینوں نے کھلی کچہری کو واپڈا کا احسن اقدام قرار دیتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ واپڈا کی جانب سے گاؤں، گوٹھوں میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے سلسلے کو جاری رکھا جائے تا کہ صارفین کو اپنے بلوں کی درستگی کیلئے شہروں میں قائم دفاتر کے چکر نہ کاٹنا پڑیں اور ان کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل ہوں

بقیہ نمبر 8 «قوم کی آواز»

تکمیل اور فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے حوالے سے بریفنگ حاصل کی اس موقع پر میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے بتایا کہ سندھ حکومت کے اشتراک سے تعمیر کیے جانے والے نئے بلاک کا تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے اور اسے آئندہ ہفتے فعال کر دیا جائے گا انہوں نے کہا کہ 150 بستروں پر مشتمل اس نئے بلاک میں مریضوں کو صحت کی جدید سہولیات فراہم کی جائیں گی، جبکہ مختلف امراض کے علاج کے لیے خصوصی کلینکس بھی قائم کیے جائیں گے، جہاں متعلقہ شعبوں کے ماہر ڈاکٹرز اپنی خدمات انجام دیں گے میئر کراچی کے مطابق اسپتال کے نئے بلاک میں کارڈیالوجی، پلمونولوجی، نیورولوجی، ڈرماٹولوجی سمیت دیگر طبی شعبوں کے ماہر ڈاکٹرز بھی او پی ڈی میں مریضوں کا معائنہ اور علاج کریں گے انہوں نے کہا کہ نئے بلاک کی فعالیت سے شہریوں کو بہتر اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی اور دورے کے موقع پر میٹروپولیٹن کمشنر ابرار جعفر، عباسی شہید اسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر بابر خان اور دیگر متعلقہ افسران بھی میئر کراچی کے ہمراہ موجود تھے۔

بقیہ نمبر 9 «قوم کی آواز»

ایمرجنسی شعبے میں 3 لاکھ 18 ہزار 171، جلد کے شعبے میں 31 ہزار 779، میڈیکل او پی ڈی میں 24 ہزار 836، آنکھوں کے شعبے میں 23 ہزار 314، بچوں کے شعبے میں 21 ہزار 873 اور آرتھوپیڈک او پی ڈی میں 21 ہزار 368 مریضوں کا معائنہ کیا گیا۔ دیگر شعبوں میں امراض نسواں وزچگی، امراض قلب، سینے، ناک، کان و گلے، سرجری، دندان سازی، فزیوتھراپی، نفسیاتی امراض، ہیپاٹائٹس اور تپ دق کے مریضوں کو بھی طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔ تشخیصی سہولیات کے تحت نو ماہ میں 2 لاکھ 98 ہزار 59 لیبارٹری ٹیسٹ کیے گئے، جبکہ 20 ہزار 852 الٹراساؤنڈ، 17 ہزار 304 ایکسرے اور ڈائیلاسز کے 3 ہزار 526 کیسز درج ہوئے۔ داخل مریضوں میں بچوں کے شعبے کے 9 ہزار 957، میڈیکل کے 7 ہزار 736، گائنی کے 4 ہزار 248، امراض قلب کے 3 ہزار 109، سرجیکل کے 1 ہزار 529 اور آرتھوپیڈک شعبے کے 729 مریض شامل تھے۔ زچگی اور آپریشنز کے شعبوں میں 2 ہزار 226 نارمل زچگیاں اور 745 سیزیرین آپریشن کیے گئے، جبکہ زچگی کی پیچیدگیوں کے 796 کیسز رپورٹ ہوئے۔ اس دوران جنرل سرجری کے 457، آنکھوں کے 583 اور آرتھوپیڈک شعبے میں 423 سرجری/طبی طریقہ علاج کے کیسز درج کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق تپ دق کے 484 اور ہیپاٹائٹس بی وسی کے 303 مریض رجسٹر کیے گئے، جبکہ 234 میڈیکو لیگل کیسز اور 24 پوسٹ مارٹم بھی کیے گئے۔

بقیہ نمبر 10 «قوم کی آواز»

ڈائریکٹوریٹ آف لٹریسی اینڈ نان فارمل ایجوکیشن کے اشتراک سے اساتذہ میں ٹیبلٹس تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی جس میں ضلع کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے اساتذہ میں ٹیبلٹس تقسیم کیے گئے تقریب میں جائیکا کے صوبائی سربراہ حبیب اللہ خاصخیلی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میرپور خاص ڈاکٹر چمن مشتاق SRPO کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر میڈم زاہدہ ڈیتھو، پروگرام ہیڈ فاروق حیات پٹھان، پروگرام مینیجر بابور اسانی، کوآرڈینیٹر پرسول پڑھیاڑ اور مانیٹرنگ آفیسر ذین ڈیتھو سمیت دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی اس موقع پر بتایا گیا کہ اس اقدام کا مقصد اساتذہ کو جدید ٹیکنالوجی سے منسلک کرتے ہوئے تدریسی عمل کو مزید مؤثر اور معیاری بنانا ہے تا کہ ڈیجیٹل سہولیات کے ذریعے بچوں کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کیے جاسکیں ٹیبلٹس کے حصول پر اساتذہ نے خوشی کا اظہار کیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ڈاکٹر چمن مشتاق نے NFE اور SRPO کے پروگرام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس نوعیت کے اقدامات شعبہ تعلیم میں مثبت تبدیلی لانے اور بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ اساتذہ فراہم کردہ ٹیبلٹس کو تدریسی سرگرمیوں اور بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کریں گے۔

بقیہ نمبر 11 «قوم کی آواز»

واستحکام پر خیالات کے تبادلے اور مشترکہ دلچسپی کے شعبوں میں مسلسل رابطے اور تعاون کی اہمیت پر زور بھی دیا گیا۔ فیلڈ مارشل نے سنگاپور کے ساتھ باہمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے علاقائی امن، استحکام اور سیکیورٹی کے فروغ کے لیے ادارہ جاتی روابط بڑھانے اور بامقصد رابطوں کی اہمیت پر زور دیا، سنگاپور کے وزیر خارجہ نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے علاقائی امن واستحکام کے لیے پاکستان کی خدمات کا اعتراف کیا۔ وزیراعظم نے سنگاپور کے ساتھ دیرینہ دوستانہ تعلقات مزید مستحکم کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان سنگاپور کے ساتھ دوطرفہ اور آسیان سمیت کثیر الجہتی فورمز پر شراکت داری کو اہمیت دیتا ہے۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے اور ترجیحی شعبوں میں تعاون وسعت دینے کے طریقوں پر غور کیا۔ مزید برآں ڈاکٹر ویوین بالاکرشنن نے وفد کی ہمراہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات کی اور وفود کی سطح پر مذاکرات کا آغاز کیا۔

بقیہ نمبر 12 «قوم کی آواز»

اسلامی بینکنگ آپریشنز کے ذریعے بینک مائیکروانٹرپرینیورز، کاشت کاروں اور کمیونٹیز کو شرعی اصولوں کے مطابق مالیاتی سہولیات فراہم کرے گا جو اسلامی اصولوں کے تحت بینکاری خدمات کو ترجیح دیتے ہیں۔ ایچ بی ایل مائیکروفنانس بینک کے صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر عامر خان نے کہا کہ اسلامی بینکنگ برانچ کا آغاز بینک کے اس سفر میں اہم سنگ میل ہے، جس کا مقصد عوام کو زیادہ جامع اور ان کی ضروریات کے مطابق مالیاتی سہولیات فراہم کرنا ہے، تیمرگرہ میں پہلی اسلامی بینکاری برانچ کا قیام درست سمت میں اہم قدم ہے خصوصاً ان افراد کیلئے جنہیں ان سہولتوں کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 13 «قوم کی آواز»

786 کے ذریعے اسلام آباد ایئرپورٹ پر لینڈ کیا۔ پاکستان کی کسی بھی ایئرلائن کے فضائی بیڑے میں شامل ہونے والا یہ اپنی نوعیت کا پہلا بوئنگ 787 ڈریم لائنر طیارہ ہے۔ ذرائع کے مطابق پی آئی اے کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ایئر وائس مارشل عامر حیات نے اپنی ٹیم کے ہمراہ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پہنچنے والے طیارے کا استقبال کیا۔ جدید ترین ٹیکنالوجی سے آراستہ یہ طیارہ لیز پر حاصل کیا گیا ہے۔ بوئنگ 787 ڈریم لائنر جدید فضائی ٹیکنالوجی، جدید ان فلائٹ انٹرٹینمنٹ سسٹم اور کشادہ و آرام دہ کیبن کی خصوصیات کا حامل ہے، جو مسافروں کو دوران پرواز بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ پی آئی اے کے فضائی بیڑے میں اس جدید طیارے کی شمولیت قومی ایئرلائن کو جدید خطوط پر استوار کرنے، فضائی آپریشنز میں بہتری لانے اور بین الاقوامی فضائی نیٹ ورک کو مزید مضبوط بنانے کی حکمت عملی کا حصہ ہے۔ طیارے کی پاکستان آمد کو قومی ایئرلائن کے فضائی بیڑے کی جدید کاری کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے، جبکہ اس کی شمولیت سے بین الاقوامی روٹس پر مسافروں کو جدید اور آرام دہ سفری سہولیات فراہم کرنے کی توقع ہے۔

بقیہ نمبر 14 «قوم کی آواز»

بروز بدھ، اہم مشترکہ اجلاس طلب کرلیا ہے۔ اجلاس صوبائی امیر مولانا عبدالقیوم ہالیجوی کی صدارت میں دوپہر ایک بجے جامعہ اسلامیہ لاڑکانہ میں منعقد ہوگا۔ جے یو آئی سندھ کے اعلامیے کے مطابق اجلاس میں ضلع لاڑکانہ اور ضلع قمبر شہداد کوٹ کے ضلعی امراء، نظماء عمومی سمیت دونوں اضلاع کی تمام تحصیلوں کے امراء ونظماء عمومی شرکت کریں گے۔ اس کے علاوہ دادو، جیکب آباد، شکارپور، کشمور کندھ کوٹ اور خیرپور کے ضلعی امراء اور نظماء عمومی کو بھی اجلاس میں مدعو کیا گیا ہے۔ اجلاس میں امن عالم اجتماع کے سلسلے میں صوبائی دوروں کے شیڈول اور تیاریوں پر غور کیا جائے گا، جبکہ شہید اسلام کانفرنس کو بھرپور اور کامیاب بنانے کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کی جائے گی۔ اس موقع پر جماعت کے تنظیمی معاملات اور دیگر اہم امور بھی زیر بحث آئیں گے۔ اجلاس کے انتظامات جے یو آئی ضلع لاڑکانہ کے امیر علامہ راشد محمود سومرو اور جنرل سیکریٹری مولانا محبت علی کھڑو انجام دیں گے۔ دریں اثناء جے یو آئی سندھ کے قائم مقام سیکریٹری جنرل مولانا محمد صالح انڈھڑ نے متعلقہ تمام ذمہ داران کو اجلاس میں بروقت شرکت کی دعوت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ذمہ دار ساتھی اپنی تنظیمی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے اجلاس میں بھرپور شرکت کریں تا کہ باہمی مشاورت کے ذریعے بہتر فیصلے کیے جاسکیں۔ یہ بات جے یو آئی سندھ کے پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری نے میڈیا کو جاری کردہ اپنے بیان میں کہی۔

بقیہ نمبر 15 «قوم کی آواز»

زخمی ہو گیا۔ فائرنگ کے تبادلے کے دوران ملزم کا ایک ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق مقابلے کے دوران پولیس اہلکار فرحان زخمی ہوا، جسے طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کی جوابی کارروائی میں ایک ملزم ہلاک ہو گیا، جس کی شناخت بلال ولد پیر محمد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ہلاک ملزم کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ بمعہ ایمونیشن، چلیدہ خول، موبائل فونز اور نقد رقم برآمد کر لی گئی ہے۔ واقعے کے بعد ضابطے کی کارروائی شروع کر دی گئی ہے، جبکہ فرار ہونے والے دوسرے ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے اور دیگر کارروائیاں جاری ہیں۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق ہلاک ملزم کا سابقہ کرمنل ریکارڈ بھی حاصل کر لیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ بلال عادی جرائم پیشہ تھا اور مختلف مقدمات میں 15 سے زائد مرتبہ گرفتار ہو کر جیل جا چکا تھا۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق ہلاک ملزم کے خلاف سال 2024 سے 2025 کے دوران کراچی کے مختلف تھانوں میں چوری، ڈکیتی، اسلحہ ایکٹ، قتل اور پولیس پر حملے سمیت مختلف الزامات کے تحت مقدمات درج تھے۔ ریکارڈ میں شامل مقدمات میں تھانہ پاپوش نگر میں مقدمہ نمبر 3/2020 اور 232/2022، تھانہ نارتھ ناظم آباد میں مقدمہ نمبر 6/2020، 24/2020، 19/2021، 594/2025، تھانہ شاہراہ نورجہاں میں مقدمہ نمبر 69/2026، 75/2024 اور 76/2024 شامل ہیں۔ اسی طرح تھانہ نارتھ رضویہ میں مقدمہ نمبر 70/2025، تھانہ تیموریہ میں مقدمہ نمبر 0/2027، تھانہ رضویہ میں مقدمہ نمبر 20/2023 جبکہ تھانہ ساحل میں مقدمہ نمبر 5/2024 اور 6/2024 بھی ہلاک ملزم کے خلاف درج مقدمات کی فہرست میں شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 16 «قوم کی آواز»

راج سے آزادی حاصل کر کے تاریخ رقم کی۔ ان کی جدوجہد، قربانیاں اور پاکستان سے وابستگی ہماری قومی تاریخ کا قابلِ ذکر حصہ ہیں۔ اسپیکر سندھ اسمبلی نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے گلگت بلتستان میں تاریخی اصلاحات متعارف کرائیں، جن کے ذریعے خطے کی ترقی اور عوامی حقوق کے حوالے سے اہم اقدامات کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام نے پاکستان کے دفاع، سلامتی اور ترقی میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں، جبکہ ان کی قومی خدمات اور قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ سید اویس قادر شاہ نے کہا کہ گلگت بلتستان کی ترقی، خوشحالی اور عوامی حقوق کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ قومی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ملک کے تمام علاقوں کی یکساں ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رہنی چاہئیں۔

بقیہ نمبر 17 «قوم کی آواز»

مفت سیاحتی ویزا جاری کیا جاتا ہے، جس کی مدت زیادہ سے زیادہ 30 دن ہوتی ہے۔ تاہم ویزے کی مدت ہوٹل کی بکنگ کے مطابق بھی مقرر کی جاسکتی ہے۔ اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کیلئے پاکستانی شہریوں کے پاسپورٹ کی میعاد کم از کم تین ماہ باقی ہونا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ مسافروں کے پاس واپسی کا کنفرم ٹکٹ بھی ہونا چاہیے۔ قطر کی جانب سے ہوٹل کی بکنگ کے حوالے سے بھی ایک مخصوص شرط عائد کی گئی ہے اور وہ یہ کہ مسافروں کو اپنی ہوٹل ریزرویشن صرف سرکاری سیاحتی ویب سائٹ ڈسکور قطر کے ذریعے کرانا ہوگی۔ دیگر ویب سائٹس یا آن لائن بکنگ پلیٹ فارمز سے حاصل کی گئی ہوٹل ریزرویشن اس سہولت کے لیے قابل قبول نہیں ہوگی۔ اس کے علاوہ قطر آنے والے پاکستانی شہریوں کے لئے کسی منظور شدہ انشورنس کمپنی سے ہیلتھ انشورنس حاصل کرنا بھی لازمی ہے۔ یہ انشورنس قطر کی وزارت صحت کی جانب سے تسلیم شدہ کمپنیوں میں سے کسی ایک سے ہونی چاہیے۔

بقیہ نمبر 18 «قوم کی آواز»

میں 129 ارب روپے کے شارٹ فال کا سامنا کرنا پڑا ہے، جبکہ ریٹیلرز فکسڈ ٹیکس اسکیم بھی مطلوبہ نتائج حاصل کرنے میں ناکام رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق جولائی سے اکتوبر کے دوران ایف بی آر کی مجموعی ٹیکس وصولیاں 4 ہزار 88 ارب 20 کروڑ روپے رہیں، جبکہ اس مدت کے لیے 4 ہزار 217 ارب روپے کا ہدف مقرر کیا گیا تھا۔ اس طرح مقررہ ہدف کے مقابلے میں 129 ارب روپے کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ تاہم گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں ٹیکس وصولیوں میں 7 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ حکام کے مطابق رواں مالی سال کے اختتام، یعنی جون 2027 تک ایف بی آر کے لیے مجموعی طور پر 15 ہزار 264 ارب روپے ٹیکس جمع کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس کے حصول کے لیے ٹیکس وصولیوں میں 17 فیصد شرح نمو درکار ہوگی۔ ذرائع کے مطابق اکتوبر 2026 کے دوران ایف بی آر کی ٹیکس وصولیاں ایک ہزار 2 ارب روپے رہیں، جبکہ 31 اکتوبر کو مالی ماہ کے آخری روز مجموعی وصولیوں میں مزید 27 ارب روپے کا اضافہ ہوا۔ دوسری جانب ایف بی آر کو 31 اکتوبر تک 76 لاکھ انکم ٹیکس گوشوارے موصول ہوئے۔ دوسری جانب خوردہ فروشوں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے متعارف کرائی گئی ریٹیلرز فکسڈ ٹیکس اسکیم بھی خاطر خواہ نتائج نہ دے سکی۔ حکام کے مطابق ملک بھر میں موجود 36 لاکھ ممکنہ نان فائلر خوردہ فروشوں میں سے صرف 1750 نے اسکیم کے تحت رجسٹریشن کرائی، جبکہ محض 220 نئے ٹیکس دہندگان نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرائے۔ ذرائع نے بتایا کہ ایف بی آر نے ریٹیلرز فکسڈ ٹیکس اسکیم کے تحت 50 ارب روپے ٹیکس وصولی کا ہدف مقرر کیا تھا، تاہم رجسٹریشن اور گوشوارے جمع کرانے کی انتہائی کم تعداد کے باعث اس ہدف کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے۔ حکام کے مطابق ایف بی آر نے ٹیکس نیٹ سے باہر رہنے والے نان فائلرز اور خوردہ فروشوں کے خلاف کارروائی کا فیصلہ بھی کر رکھا ہے۔ اس سلسلے میں نان فائلرز پر مرحلہ وار جرمانے عائد کیے جاسکیں گے، جن کے تحت پہلے ماہ 10 ہزار روپے، دوسرے ماہ 25 ہزار روپے اور تیسرے ماہ 50 ہزار روپے جرمانہ مقرر کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ٹیکس نیٹ میں شامل نہ ہونے والے خوردہ فروشوں کے کاروباری مراکز سیل کرنے کا اختیار بھی ایف بی آر کو حاصل ہے، جس کے تحت ٹیکس قوانین پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے کارروائی کی جاسکتی ہے۔ ٹیکس وصولیوں میں مقررہ ہدف کے مقابلے میں کمی، ریٹیلرز کی محدود رجسٹریشن اور ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی کم تعداد نے رواں مالی سال کے ٹیکس اہداف کے حصول کو ایک اہم چیلنج بنا دیا ہے۔

بقیہ نمبر 19 «قوم کی آواز»

ہوئے کہا ہے کہ یکم نومبر گلگت بلتستان کی تاریخ کا ایک روشن، یادگار اور قابل فخر دن ہے، جو یہاں کے عوام کی بہادری، لازوال قربانیوں اور آزادی کے غیر متزلزل عزم کی علامت ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بلاول بھٹو زرداری نے اپنے پیغام میں کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کی تاریخی جدوجہد اور قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا قابل فخر باب ہیں، جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان اپنی منفرد ثقافت، شاندار روایات اور قدرتی حسن کے باعث پاکستان کا ایک قیمتی اثاثہ ہے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے کہا کہ حالیہ انتخابات میں گلگت بلتستان کے عوام نے پاکستان پیپلز پارٹی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اسے خطے کی سب سے بڑی جماعت منتخب کیا، جو پارٹی قیادت کے لیے اعزاز کے ساتھ ساتھ ایک بڑی ذمہ داری بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی قیادت میں قائم اتحادی حکومت عوام کے اعتماد کو خدمت، ترقی اور خوشحالی کے عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے اس بات پر زور دیا کہ گلگت بلتستان کے عوام کو جمہوری، آئینی اور بنیادی حقوق کی فراہمی، انہیں بااختیار بنانا اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خطے کی پائیدار ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے ضروری ہے کہ تمام شہریوں کو ان کے جائز حقوق اور بنیادی سہولیات میسر ہوں۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے نوجوانوں کے لیے معیاری تعلیم اور روزگار کے مواقع پیدا کرنا، صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی اور بنیادی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے، تا کہ خطے کے عوام بالخصوص نوجوان ترقی کے قومی دھارے میں بھرپور کردار ادا کر سکیں۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی گلگت بلتستان کے عوام کی امنگوں کی ترجمانی، ان کے جائز حقوق کے تحفظ اور خطے کی ترقی و خوشحالی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ گلگت بلتستان کی تاریخی جدوجہدِ آزادی، قربانیوں اور قومی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے، جبکہ خطے کے روشن مستقبل کے لیے عوام کو بااختیار بنانے، جمہوری حقوق کے تحفظ اور ترقی کے مساوی مواقع کی فراہمی یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 20 «قوم کی آواز»

کرلی۔ گرفتار ملزم کی شناخت شاہزیب ولد عبداللطیف کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق برآمد ہونے والی موٹر سائیکل تھانہ آرام باغ کی حدود سے چوری کی گئی تھی، جس کے حوالے سے مقدمہ الزام نمبر 2026/389 بجرم دفعہ 381-A تعزیرات پاکستان (PPC) درج ہے۔ پولیس حکام کے مطابق برآمد شدہ موٹر سائیکل سپر اسٹار کمپنی کی ہے، جس کا رنگ سیاہ اور ماڈل 2026 ہے، جبکہ اس کی نمبر پلیٹ AAR-0613 ہے۔ پولیس حکام نے بتایا کہ دورانِ تفتیش ملزم نے شہر کے مختلف علاقوں سے موٹر سائیکلیں چوری کرنے کا انکشاف کیا ہے۔ ملزم سے مزید تفتیش اور دیگر ممکنہ وارداتوں میں اس کے ملوث ہونے سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لیے اسے اینٹی وہیکل لفٹنگ سیل (اے وی ایل سی) کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم سے مزید پوچھ گچھ جاری ہے تا کہ موٹر سائیکل چوری کی دیگر وارداتوں اور ممکنہ ساتھیوں کے حوالے سے بھی معلومات حاصل کی جاسکیں۔

بقیہ نمبر 21 «قوم کی آواز»

ٹرانسفارمیشن ان سے 10 لاکھ لوگوں کی زندگی میں یقینی بہتری، معیار زندگی بلند ہوگا، اکنامک ٹرانسفارمیشن پلان سے ایک لاکھ 62 ہزار روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، اکنامک ٹرانسفارمیشن پلان سے ایکسپورٹ میں 6.8 ارب ڈالر اضافہ ہوگا، اکنامک ٹرانسفارمیشن پلان پر عملدرآمد سے 906 ارب روپے کی نجی سرمایہ کاری آئے گی، ڈسٹری، ایگریکلچر، سیاحت، سکلز اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں معاشی انقلاب برپا کریگا، پیوٹ کے ذریعے پنجاب میں جامع اقتصادی تبدیلی کا آغاز ہو چکا، پیوٹ کے تحت صوبے بھر میں نئے اقتصادی مواقع، صنعتی ترقی، آمدنی میں اضافہ، سرمایہ کاروں کو راغب کرنا ہے، تین سال میں ایک ملین افراد کو روزگار کیساتھ ایک لاکھ 6 ہزار اضافی ملازمتیں اور ایکسپورٹ میں 6.8 بلین ڈالر کا اضافہ ہوگا، پیوٹ میں حکومتی سرمایہ کاری تقریباً 1.08 ارب روپے اور پرائیویٹ سیکٹر سے 906 ارب روپے آئیں گے، پیوٹ پلان کے تحت پنجاب کے صنعتی شعبے کو مضبوط بنانے کیلئے 7537 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں، پیوٹ کے ذریعے اس کلنگ تحت تین سال میں 402,060 افراد کو تربیت دینے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، پیوٹ سے پنجاب کو مینوفیکچرنگ، بین الاقوامی معیار کے پروڈکٹس اور ایکسپورٹ پر مبنی ترقی کی طرف گامزن کیا جائیگا سپ فنانسنگ پروگرام کے تحت صنعتی ترقی اور برآمدات کو فروغ دیا جائیگا، صنعتی منصوبوں کے لئے زیرہ سے پانچ فیصد کی شرح پر 300 ارب روپے کے رعایتی قرضے دیئے جائیں گے، ویلیو ایڈیشن کیلئے پیوٹ پلان کے تحت سرگودھا، خانیوال، اوکاڑہ اور شکر میں چار ایگرو پروسیسنگ پارکس بنائے جائیں گے، زرعی پارکس کے قیام سے کسانوں کے لئے مارکیٹ تک رسائی بہتر ہوگی، پیوٹ کے ذریعے ایکوا فارمنگ منصوبے جھینگے کی پرورش، ماہی گیری کے انفراسٹرکچر اور آمدنی پیداوار میں اضافہ کیا جائیگا، پیوٹ سے تاریخی، مذہبی سیاحتی مقامات، تفریحی سہولیات اور سیاحتی سرکٹس کے شعبے میں سرمایہ کاری کو فروغ دیا جائیگا، سرمایہ کاری کی سہولت اور شفاف نگرانی سے پیوٹ سرمایہ کاری کو بہتر بنایا جائیگا، پیوٹ پلان کا مقصد زیادہ سرمایہ کاری، مضبوط برآمدات، مفید روزگار اور مستحکم اقتصادی ترقی میں تبدیل کیا جاسکے۔ تقریب میں گورنر سٹیٹ بینک، پاکستان بزنس کونسل کے ارکان، سرمایہ کاروں اور نمایاں صنعتکاروں نے بھی شرکت کی۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے تین سالہ پانجاب اکنامک ٹرانسفارمیشن پلان 2026202 پیش کیا۔ علاوہ ازیں وزیر اعلیٰ نے پیوٹ لانچنگ کی تقریب سے خطاب میں کہا کہ ایک روپے کی رپشن بھی ثابت ہوئی تو استعفیٰ دے دوں گی، پنجاب میں کرپشن کے خلاف بھرپور مہم جاری ہے، بدعنوانی کا ساتمہ ترجیح ہے، پنجاب کو ڈیجیٹل دور میں شامل کرانے کیلئے اختراعی اصلاحات متعارف کرائی ہیں، پنجاب کا ملکی عیشت میں اہم کردار ہے، قومی ڈی جی پی میں حصہ نمایاں ہے، نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور جدید تعلیم سے اہم سنگ کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، وزراء □ سے کہتی ہوں کہ پروٹوکول اور سیکورٹی کم سے کم رکھیں، ڈالا کلچر اور ضمہ مافیا کا پنجاب سے خاتمہ کر دیا، سالوں پرانے قبضہ ختم کر رہے ہیں، پنجاب میں رشوت لینے والے ملازمین کو سرکاری محکموں سے فارغ کیا جا رہا ہے، جہاں روزانہ احتجاج اور توڑ پھوڑ ہو رہی ہوں وہاں محنت کش کیسے کام کریں گے۔ دریں اثناء پیوٹ کے اجرا پر گورنر اسٹیٹ بینک اور صنعتکاروں نے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ صنعتکاروں اور سرمایہ کاروں نے پیوٹ کے اجراء پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم کے اجراء پروزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور ان کی ٹیم کو سراہا اور زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ نمبر 22 «قوم کی آواز»

واردات کے دوران شہری اور مبینہ ڈاکوؤں کو موٹر سائیکلوں سمیت گلی میں گرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ فوٹیج کے مطابق دو موٹر سائیکلوں پر سوار افراد گلی میں اچانک توازن برقرار نہ رکھ سکے اور سڑک پر گر پڑے۔ ایک موٹر سائیکل پر شہری جبکہ دوسری پر مبینہ ڈاکو سوار تھے۔ شہری موٹر سائیکل سے گرتے ہی گھبراہٹ کے عالم میں اٹھا اور اپنی موٹر سائیکل وہیں چھوڑ کر فرار ہو گیا، جبکہ گرنے والے مبینہ ڈاکوؤں نے خود کو سنبھالا اور شہری کا گرا ہوا سامان اٹھانے کے بعد اپنا پستول بھی سنبھالا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ واقعے کی سامنے آنے والی فوٹیج نے علاقے میں شہریوں کے تحفظ اور اسٹریٹ کرائم کی صورتحال پر ایک بار پھر تشویش پیدا کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 23 «قوم کی آواز»

گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی کو مزید اعلانات، نئے شیڈول اور تکمیل کی نئی تاریخوں کی نہیں بلکہ تیز رفتار ترقی اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ یونیورسٹی روڈ سے کے فور منصوبے تک شہر کے بیشتر بڑے ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت سے پیچھے ہیں، جس کے باعث کروڑوں شہری روزمرہ زندگی میں مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ پاسبان اسٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے الطاف شکور نے کہا کہ ہر سال نئے بجٹ، ترقیاتی پیکجز اور افتتاحی اعلانات سامنے آتے ہیں، لیکن منصوبوں کی تکمیل کی تاریخیں بار بار آگے بڑھا دی جاتی ہیں۔ کراچی کے شہری ترقیاتی منصوبوں کے اعلانات اور افتتاحی تقریبات سنتے سنتے تھک چکے ہیں، جبکہ ان کی روزمرہ زندگی آج بھی ٹریفک جام، پانی کی قلت اور تباہ حال بنیادی ڈھانچے جیسے مسائل میں گھری ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں مسئلہ صرف فنڈز یا منصوبہ بندی کی کمی نہیں بلکہ اصل مسئلہ دستیاب وسائل کو بروقت عملی ترقی میں تبدیل کرنے کی رفتار ہے۔ بڑے منصوبوں کے لیے بھاری رقوم مختص ہونے کے باوجود ان کی سست روی سے شہریوں کو ریلیف نہیں مل رہا اور شہر کا ترقیاتی پہیہ مسلسل تعطل کا شکار ہے۔ الطاف شکور کے مطابق سندھ حکومت نے 95 ارب روپے کے ترقیاتی پیکیج کی منظوری دی ہے۔

بقیہ نمبر 24 «قوم کی آواز»

قریب سیوریج لائن کے ہول پر نصب ڈھکن پانی سے بھرے بھاری واٹر ٹینکر کا وزن برداشت نہ کر سکا، جس کے باعث ٹینکر سڑک پر الٹ گیا۔ حادثے میں ٹینکر کا ڈرائیور معمولی زخمی ہو گیا، جبکہ ٹینکر سے بڑی مقدار میں پانی بہنے کے باعث سڑک پر پانی جمع ہو گیا۔ حادثے کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آگئی ہے، جس میں واٹر ٹینکر کو ایک گلی سے نکل کر مرکزی شاہراہ کی جانب آتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ فوٹیج میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ٹینکر کا اگلا پہیہ سیوریج لائن کے ہول پر چڑھتا ہے، جس کے باعث اس پر رکھا بھاری ڈھکن اپنی جگہ سے ہل جاتا ہے۔ بعد ازاں جیسے ہی ٹینکر کا پچھلا پہیہ سیوریج لائن کے ہول پر پہنچتا ہے تو ڈھکن اپنی جگہ برقرار نہ رہ سکا اور بھاری بھرکم واٹر ٹینکر توازن کھو کر سڑک پر الٹ گیا۔ حادثے کے نتیجے میں ٹینکر میں موجود پانی سڑک پر پھیل گیا، جس سے وہاں تالاب جیسی صورتحال پیدا ہو گئی، جبکہ ڈرائیور کو معمولی چوٹیں آئیں۔ واقعے کی سامنے آنے والی فوٹیج نے شہر میں سیوریج لائنوں کے ڈھکنوں اور شہری انفراسٹرکچر کی مضبوطی و دیکھ بھال کے حوالے سے سوالات اٹھا دیے ہیں۔

بقیہ نمبر 25 «قوم کی آواز»

اور پروڈکٹس کی آن لائن رجسٹریشن کرا سکتے ہیں اور جو کام پہلے سالوں میں ہوتا تھا وہ اب پراسیس 21 دن میں مکمل کیا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے دورے کے موقع پر صنعتکاروں سے خطاب میں کہی۔ تقریب میں کاٹی کے صدر شیخ عمر ریحان، ڈپٹی پیٹرن ان چیف زبیر چھایا، متحدہ قومی موومنٹ کے رہنما انیس قائم خانی، کائٹ کے چیئرمین زاہد سعید، سی ای او سلیم الزماں، سینئر نائب صدر فرخ قندھاری، نائب صدر ناصر شیخ، سابق صدور و چیئرمین گلزار فیروز، فرحان الرحمان، جوہر قندھاری، ایس ایم یحییٰ، شیخ فضل جلیل، ممبر صوبائی اسمبلی دانیال صدیقی، نجم مرزا سمیت دیگر صنعتکار اور ممبران کی بڑی تعداد موجود تھی۔ وفاقی وزیر صحت نے مزید کہا کہ ڈریپ کے سرٹیفکیشن کے طریقہ کار کو ڈیجیٹل پر منتقل کئے 8 ماہ ہو گئے اس مدت میں 5 ہزار سے زائد کیسز نمٹائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ اس انقلابی اقدام سے ڈریپ کو وزیر اعظم کی جانب سے بہترین ڈیجیٹلائزیشن پر ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 26 «قوم کی آواز»

کہا کہ قومی کرکٹ ٹیم نے اپنی صلاحیتوں، بہترین کھیل اور شاندار کارکردگی کی بدولت فتح اپنے نام کی، جو پوری قوم کے لیے باعثِ مسرت اور فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی ٹیم نے پوری سیریز کے دوران محنت، لگن، عزم اور بہترین ٹیم ورک کا مظاہرہ کیا۔ پاکستانی کھلاڑیوں نے اپنی صلاحیتوں اور بھرپور جذبے سے ایک بار پھر قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔ سینئر وزیر نے کہا کہ سہ ملکی سیریز میں قومی ٹیم کی کامیابی کھلاڑیوں اور ٹیم مینجمنٹ کی مشترکہ محنت اور اجتماعی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ یہ کامیابی پوری قوم کے لیے خوشی اور فخر کا لمحہ ہے۔ شرجیل انعام میمن نے امید ظاہر کی کہ قومی کرکٹ ٹیم آئندہ بھی اسی جذبے، محنت اور لگن کے ساتھ کھیلتے ہوئے بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام روشن کرتی رہے گی۔ انہوں نے قومی ٹیم کے تمام کھلاڑیوں اور ٹیم مینجمنٹ کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ نمبر 27 «قوم کی آواز»

میں 50 ہزار ٹن ڈی اے پی کھاد اور 51 ہزار ٹن گندم شامل ہے۔ تفصیلات کے مطابق ترجمان کراچی پورٹ کے مطابق بندرگاہ پر دونوں جہازوں سے درآمدی سامان کی ہینڈلنگ جاری ہے، جبکہ گندم اتارنے کا عمل بھی تیزی سے جاری ہے۔ ضروری غذائی اور زرعی اشیا کی بروقت ترسیل کو یقینی بنانے کے لیے دونوں جہازوں کو ترجیحی بنیادوں پر برتھ فراہم کی گئی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے کہا کہ دو بحری جہازوں کی بیک وقت ہینڈلنگ کراچی پورٹ ٹرسٹ کی آپریشنل صلاحیتوں کا واضح مظہر ہے۔ ضروری اشیا کی بروقت ترسیل ملک میں غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہے، جبکہ بندرگاہوں پر کارگو ہینڈلنگ کی استعداد میں اضافہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ چیئرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ ریئر ایڈمرل شاہد احمد نے کہا کہ کراچی پورٹ ملکی تجارت اور سپلائی چین میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ بندرگاہ کے بنیادی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور کارگو ہینڈلنگ کی صلاحیت بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بندرگاہ پر درآمدی و برآمدی سامان کی مؤثر اور بروقت ہینڈلنگ ملکی تجارتی سرگرمیوں کے تسلسل اور ضروری اشیا کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 28 «قوم کی آواز»

کو گرفتار کرلیا۔ فائرنگ کے تبادلے میں ایک پولیس اہلکار بھی زخمی ہوا۔ پولیس کے مطابق کارروائیوں کے دوران غیر قانونی اسلحہ، ایمونیشن، موبائل فونز، نقد رقم اور موٹر سائیکلیں برآمد کر لی گئیں، جبکہ ملزمان کے سابقہ مجرمانہ ریکارڈ اور دیگر وارداتوں میں ممکنہ ملوث ہونے کے حوالے سے تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس ترجمان کے مطابق تھانہ بلال کالونی کی حدود میں شاہین فورس نے نارتھ کراچی سیکٹر B-5 میں فور کے چورنگی کے قریب مبینہ پولیس مقابلے کے دوران دو ملزمان کو ہلاک کر دیا۔ پولیس حکام کے مطابق ایک ملزم موقع پر ہلاک ہو گیا، جبکہ دوسرا زخمی حالت میں گرفتار ہوا اور دورانِ علاج اسپتال میں دم توڑ گیا۔ ہلاک ملزمان کی شناخت ایم احسان ولد محمد اشرف اور ناظم ولد نور احمد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے دو پستول، موبائل فونز اور ایک موٹر سائیکل برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ پولیس کے مطابق برآمد شدہ موبائل فونز میں سے ایک شہری سے چھینا گیا تھا، جسے شہری نے تھانے پہنچ کر شناخت کرلیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ ہلاک ملزمان کا سابقہ مجرمانہ ریکارڈ سامنے آیا ہے اور ان کی دیگر وارداتوں میں ممکنہ ملوث ہونے کے حوالے سے تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس کے مطابق چند روز قبل اسی مقام پر شاہین فورس اور ملزمان کے درمیان ایک اور مبینہ مقابلہ ہوا تھا، جس میں پولیس اہلکار معین الدین زخمی ہو گئے تھے۔

بقیہ نمبر 29 «قوم کی آواز»

سال کے ابتدائی 9 ماہ میں این بی پی کی مجموعی سودی آمدن 562.6 ارب روپے رہی جو 6.4 فیصد کم ہے۔ بینک کے سرمایہ کاری پورٹ فولیو سے 427.1 ارب روپے کی آمدن ہوئی۔ فنڈز کی لاگت 406.5 ارب روپے رہی جس کے نتیجے میں خالص سودی آمدن 156.1 ارب روپے ریکارڈ کی گئی۔ نان فنڈ آمدن 37.5 ارب روپے رہی۔ زرمبادلہ کی آمدن 24.3 فیصد اضافے کے ساتھ 5.9 ارب روپے تک پہنچ گئی جبکہ ڈیویڈنڈ کی آمدن 33.4 فیصد بڑھ کر 5.2 ارب روپے ریکارڈ کی گئی۔ کاروباری سرگرمیوں میں کمی کے باعث فیس اور کمیشن سے حاصل ہونے والی آمدن 17.9 ارب روپے رہی۔ کیپٹل گینز سے حاصل ہونے والی آمدن 9.8 ارب روپے رہی۔ آپریٹنگ اخراجات سالانہ 8.8 فیصد اضافے سے 96.8 ارب روپے ہو گئے۔ بینک کے کل اثاثے 9.7 فیصد بڑھ کر 7,753.1 ارب روپے پر جا پہنچے۔ بینک کا صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) عمران سرور نے کہا کہ این بی پی کی اصل طاقت صارفین کا اعتماد، ملازمین کی لگن اور اس کی مضبوط بیلنس شیٹ ہے۔ یہ نتائج موجودہ شرح سود کے ماحول کی عکاسی کرتے ہیں، تاہم اس امر کا ثبوت بھی ہے کہ شیئر ہولڈرز کو نمایاں مالی فائدہ پہنچانے کے باوجود بینک منافع بخش رہا اور اس کی سرمایہ جاتی بنیاد مستحکم رہی۔

بقیہ نمبر 30 «قوم کی آواز»

بدستور برقرار رہنے کا امکان ہے، جبکہ آئندہ تین روز کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کے ارلی وارننگ سینٹر کی پیشگوئی کے مطابق کراچی میں آئندہ تین روز کے دوران کم سے کم درجہ حرارت 21 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے جبکہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 ڈگری تک جانے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہر میں دن اور رات کے درجہ حرارت میں نمایاں فرق انسانی صحت کو متاثر کرسکتا ہے، جبکہ موسم کی بدلتی صورتحال کے باعث گھریلو پالتو جانوروں کی صحت بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ موسمی صورتحال کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ کراچی میں سمندری ہواؤں کے ساتھ بلوچستان اور تھر پارکر کی جانب سے آنے والی شمال مشرقی اور شمال مغربی ہوائیں بھی اثر انداز ہوسکتی ہیں۔

بقیہ نمبر 31 «قوم کی آواز»

علمِ بغاوت بلند کر کے آزادی کی شمع روشن کی، جبکہ ان کی جرأت، قربانیاں اور غیر متزلزل عزم ہماری قومی تاریخ کا ناقابلِ فراموش سرمایہ ہیں۔ اپنے خصوصی پیغام میں فریال تالپور نے کہا کہ گلگت بلتستان کی تاریخ جدوجہدِ آزادی، بہادری اور قربانیوں سے عبارت ہے۔ یہاں کے عوام کی پاکستان سے محبت اور وابستگی ایک ایسا اٹوٹ رشتہ ہے جو نسل در نسل قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائدِ عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے گلگت بلتستان میں ایف سی آر اور جاگیردارانہ نظام کے خاتمے سمیت تاریخی اصلاحات کی بنیاد رکھی اور عوام کو استحصالی نظام سے نجات دلانے کے لیے عملی اقدامات کیے۔ شہید بھٹو کی ان اصلاحات نے خطے کے عوام کو حقوق اور ترقی کے نئے مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ فریال تالپور نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے 1994 میں قانون ساز کونسل کے قیام کے ذریعے گلگت بلتستان کی سیاسی نمائندگی اور عوامی بااختیاری کے سفر کو آگے بڑھایا، جبکہ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے اپنے پہلے دورِ صدارت میں 2009ء کے اصلاحاتی پیکیج کے ذریعے خطے کو نئی سیاسی شناخت دی۔ انہوں نے مزید کہا کہ 2009ء کے اصلاحاتی پیکیج کے تحت گلگت بلتستان میں منتخب اسمبلی اور صوبائی طرز کا بااختیار انتظامی ڈھانچہ متعارف کرایا گیا، جس سے خطے میں سیاسی نمائندگی اور انتظامی اختیارات کے حوالے سے ایک نئے دور کا آغاز ہوا۔ پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کی مرکزی صدر نے کہا کہ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری شہید قائدین کے عوام دوست وژن کو آگے بڑھا رہے ہیں اور گلگت بلتستان کے عوام کے جمہوری، آئینی اور بنیادی حقوق کے لیے مسلسل آواز بلند کر رہے ہیں۔ فریال تالپور نے زور دیا کہ گلگت بلتستان کے عوام کی سیاسی خودمختاری، بااختیاری اور ترقی کے یکساں مواقع یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ خطے کے ہر شہری تک ترقی کے ثمرات پہنچانا، عوام کے خوابوں کی تکمیل اور نوجوان نسل کے لیے روشن مستقبل کی راہیں ہموار کرنا ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اپنے پیغام کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی گلگت بلتستان کے عوام کے جائز حقوق کے تحفظ، سیاسی و معاشی ترقی اور بہتر مستقبل کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 32 «قوم کی آواز»

کے قیام کے لیے موزوں زمین کی فراہمی اور چیمبر میں بینکنگ محتسب پاکستان کا سہولت ڈیسک قائم کرنے کے معاملات متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھائیں گے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ہفتہ کے روز چیمبر ہاؤس میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنر پنجاب نے آئی سی سی آئی کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء، سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ اور نائب صدر محمد وقاص خان سواتی کو انتخابات میں کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نئی قیادت کاروباری برادری کی مؤثر نمائندگی کرے گی اور ملکی معاشی ترقی میں اپنا کردار ادا کرے گی۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ اسلام آباد میں جدید صنعتی اسٹیٹ کا قیام نئی سرمایہ کاری راغب کرنے، صنعتی پیداوار میں اضافے اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ وہ اس تجویز کو متعلقہ حکام کے سامنے اٹھائیں گے اور موزوں زمین کی نشاندہی اور فراہمی کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ بینکنگ محتسب پاکستان کے سہولت ڈیسک کے قیام کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے کاروباری افراد کو بینکاری سے متعلق شکایات کے ازالے، رہنمائی اور معاونت تک آسان رسائی حاصل ہوگی۔ انہوں نے اس تجویز کو عملی شکل دینے کے لیے متعلقہ حکام کے ساتھ رابطہ کاری میں تعاون کی بھی یقین دہانی کرائی۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ گورنر ہاؤس کے دروازے کاروباری برادری کے لیے کھلے ہیں اور وہ آئی سی سی آئی کی قیادت کے ساتھ باقاعدہ رابطہ برقرار رکھنا چاہتے ہیں تا کہ کاروباری برادری کے تحفظات اور سرمایہ کاری سے متعلق تجاویز متعلقہ فورمز پر مؤثر انداز میں پیش کی جاسکیں۔

بقیہ نمبر 33 «قوم کی آواز»

کے لیے صرف تین ماہ کے دوران 52 لاکھ 56 ہزار 248 روپے مالیت کے ڈیزل کی خریداری اور استعمال کا انکشاف ہوا ہے، جبکہ گزشتہ سے پیوستہ شب بجلی کی طویل بندش کے دوران ہنگامی جنریٹرز بھی کام نہ کر سکے۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق دستاویزات میں بتایا گیا ہے کہ رواں مالی سال کے ابتدائی تین ماہ، یعنی جولائی سے ستمبر کے دوران اسپتال کے جنریٹرز کے لیے ڈیزل کی خریداری اور استعمال پر مجموعی طور پر 52 لاکھ 56 ہزار 248 روپے خرچ کیے گئے۔ یہ اخراجات ایسے طبی ادارے میں سامنے آئے ہیں جسے بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مکمل استثنیٰ حاصل ہے۔ رپورٹ کے مطابق بجلی کی طویل بندش کے دوران اسپتال کے ہنگامی جنریٹرز فعال نہ ہونے کے باعث آئی سی یو میں زیر علاج دو مریضوں کے جاں بحق ہونے کی اطلاعات بھی سامنے آئیں، جبکہ درجنوں دیگر مریضوں کی حالت بگڑنے کی اطلاعات موصول ہوئیں۔ تاہم اسپتال انتظامیہ نے ان اموات کا بجلی کی بندش سے تعلق مسترد کرتے ہوئے مؤقف اختیار کیا کہ جاں بحق ہونے والے دونوں مریض پہلے ہی شدید علیل اور تشویشناک حالت میں تھے اور ان کی موت بنیادی طبی پیچیدگیوں کے باعث ہوئی۔ دوسری جانب کے الیکٹرک کے ترجمان نے واضح کیا کہ جناح اسپتال کو لوڈشیڈنگ سے مکمل استثنیٰ حاصل ہے۔ گزشتہ شب بجلی کی فراہمی میں تعطل اسپتال کے اندرونی بجلی کے نظام میں خرابی کے باعث پیش آیا، جس کا کے الیکٹرک کے انفرااسٹرکچر سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ ادھر اسپتال انتظامیہ نے ہنگامی جنریٹرز کے بروقت فعال نہ ہونے کی وجہ سافٹ ویئر میں تکنیکی خرابی کو قرار دیا ہے۔ جناح اسپتال کے ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر یحییٰ تنیو کے مطابق اسپتال میں اکثر فنی خرابیاں اور بجلی کے فالٹ ہوتے رہتے ہیں، جن کے دوران متبادل بجلی کی فراہمی کے لیے جنریٹرز استعمال کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنریٹرز کو تکنیکی معائنے اور چیکنگ کے لیے بھی وقتاً فوقتاً چلایا جاتا ہے، جبکہ بجلی کے کسی بھی فالٹ کی صورت میں اسپتال کو متبادل بجلی فراہم کرنے کے لیے ان سے کام لیا جاتا ہے۔ تاہم ڈاکٹر یحییٰ تنیو نے بتایا کہ گزشتہ تین ماہ کے دوران ڈیزل پر خرچ ہونے والی رقم اور استعمال کیے گئے ایندھن کی مجموعی مقدار کے اعداد وشمار فی الحال ان کے پاس موجود نہیں ہیں۔ انہوں نے جنریٹرز سے متعلق سوالات کو غیر ضروری قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ تکنیکی نوعیت کے معاملات ہیں اور ان امور پر سوالات کرنا مناسب نہیں۔ اس واقعے نے جناح اسپتال میں ہنگامی بجلی کے متبادل نظام، جنریٹرز کی دیکھ بھال، ڈیزل کے استعمال اور بھاری اخراجات کی شفافیت کے حوالے سے اہم سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ شہری اور عوامی حلقوں میں یہ سوال بھی زیر بحث ہے کہ جب اسپتال کو لوڈشیڈنگ سے استثنیٰ حاصل ہے تو ہنگامی حالات میں جنریٹرز کی عدم فعالیت اور لاکھوں روپے کے ڈیزل کے استعمال کی مکمل تفصیلات سامنے لانا کیوں ضروری نہیں سمجھا جا رہا۔

بقیہ نمبر 34 «قوم کی آواز»

16 نومبر سے ملک گیر ہڑتال کا اعلان کرتے ہوئے گیس کی فروخت بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے باعث ملک بھر میں ایل پی جی کی ممکنہ قلت اور قیمتوں میں مزید اضافے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایل پی جی مارکیٹرز ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین علی حیدر نے حکومتی پرائسنگ فارمولے کو مسترد کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ 16 نومبر سے ملک بھر میں ایل پی جی کی فروخت معطل کر دی جائے گی۔ علی حیدر کے مطابق تمام متعلقہ ایسوسی ایشنز کے ہنگامی اجلاس میں حکومت کی جانب سے قیمتوں کے تعین کے لیے متعارف کرائے جانے والے نئے طریقہ کار کے خلاف مشترکہ طور پر ہڑتال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی پرائسنگ فارمولے کے نفاذ سے ایل پی جی کی قیمتوں میں 25 سے 30 فیصد تک اضافہ ہوسکتا ہے، جس کے باعث تمام متعلقہ ایسوسی ایشنز نے اس طریقہ کار کو قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ ایسوسی ایشن کے اس اعلان کے بعد پہلے ہی مہنگائی اور توانائی کی قلت سے پریشان گھریلو صارفین میں تشویش بڑھنے کا خدشہ ہے، کیونکہ ایل پی جی کی فروخت بند ہونے کی صورت میں ان شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے جو کھانا پکانے اور روزمرہ ضروریات کے لیے ایل پی جی سلنڈروں پر انحصار کرتے ہیں۔ خصوصاً ان علاقوں میں جہاں سوئی گیس کی فراہمی محدود ہے یا گیس کا پریشر کم رہتا ہے، وہاں ایل پی جی کی ممکنہ بندش سے عوام کی مشکلات مزید بڑھ سکتی ہیں۔ دوسری جانب اگر ہڑتال طویل ہوتی ہے تو ایل پی جی کی دستیابی متاثر ہونے کے ساتھ مارکیٹ میں قیمتوں میں اضافے اور ناجائز منافع خوری کے خدشات بھی پیدا ہوسکتے ہیں۔ عوامی حلقوں نے حکومت اور ایل پی جی ایسوسی ایشنز سے مطالبہ کیا ہے کہ باہمی مذاکرات کے ذریعے مسئلے کا فوری حل نکالا جائے، تا کہ گیس کی فراہمی متاثر نہ ہو اور پہلے سے مہنگائی کے بوجھ تلے دبے عوام کو مزید مشکلات سے بچایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 35 «قوم کی آواز»

پریشان چوک کے قریب گھر میں فائرنگ کے واقعے میں ایک خاتون اور نوجوان جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ابتدائی تفتیش میں شبہ ظاہر کیا گیا ہے کہ خاتون کے شوہر ایوب نے مبینہ طور پر غیرت کے نام پر اپنی اہلیہ جمیلہ اور اس کے آشنا مہر علی کو فائرنگ کر کے قتل کیا اور واردات کے بعد اپنے دو بچوں سمیت فرار ہو گیا۔ ایس ایچ او سائٹ سپر ہائی وے چوہدری نواز کے مطابق جاں بحق خاتون کی شناخت 23 سالہ جمیلہ زوجہ ایوب جبکہ نوجوان کی شناخت 24 سالہ مہر علی ولد داؤد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس حکام نے کہا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق واقعہ مبینہ طور پر غیرت کے نام پر پیش آیا، تاہم مزید حقائق کی تصدیق کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق شبہ ہے کہ ملزم ایوب نے اپنی اہلیہ کو مہر علی کے ہمراہ دیکھنے کے بعد دونوں پر فائرنگ کی۔ واقعے کے بعد ملزم نے مقتولہ کے بھائی کو بھی واردات سے متعلق بتایا اور اپنے دونوں بچوں کو ساتھ لے کر فرار ہو گیا۔ پولیس ملزم کی گرفتاری کے لیے کوششیں کر رہی ہے۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس اور کرائم سین یونٹ موقع پر پہنچے اور شواہد اکٹھے کیے۔ پولیس کو جائے وقوعہ سے 30 بور پستول کے دو خول ملے ہیں، جنہیں تفتیش کا حصہ بنایا گیا ہے۔ دونوں مقتولین کی لاشیں قانونی کارروائی کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کر دی گئیں۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور ملزم کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 36 «قوم کی آواز»

تنظیم کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق وزیر علی سومرو کی تقرری سرپرستِ اعلیٰ انجینئر رحیم بخش سومرو، مرکزی چیئرمین ایڈووکیٹ محمد ابراہیم سومرو، مرکزی جنرل سیکریٹری غلام حسین سومرو اور سندھ کے صدر اقبال احمد سومرو کی باہمی مشاورت سے عمل میں لائی گئی۔ اس موقع پر شہید دودو سومرو اتحاد آرگنائزیشن پاکستان کے مرکزی چیئرمین ایڈووکیٹ محمد ابراہیم سومرو نے کہا کہ تنظیم کا کارواں مسلسل آگے بڑھ رہا ہے اور ملک بھر سے سومرو برادری کے افراد اس پلیٹ فارم کا حصہ بن رہے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ تنظیم کو پاکستان اور سندھ کی سطح پر مزید مستحکم، منظم اور فعال بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہید دودو سومرو اتحاد آرگنائزیشن پاکستان کا دائرہ کار صرف برادری کے اتحاد تک محدود نہیں ہوگا بلکہ تنظیم پاکستان اور سندھ میں سیاسی، سماجی، فلاحی اور عوامی خدمت کے شعبوں میں بھی اپنا مؤثر کردار ادا کرے گی۔ تنظیم کی ترجیحات میں سومرو برادری کی فلاح و بہبود، نوجوانوں کی رہنمائی، تعلیم کا فروغ، باہمی اتحاد و یکجہتی، مستحق افراد کی معاونت اور عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات شامل ہیں۔ ایڈووکیٹ محمد ابراہیم سومرو نے کہا کہ تنظیم کی قیادت اور تمام عہدیداران باہمی تعاون سے ایک مضبوط اور مؤثر پلیٹ فارم تشکیل دیں گے، جہاں برادری کے افراد کو متحد کر کے مثبت سیاسی، سماجی اور فلاحی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ ہمارا مقصد ذاتی مفادات کے بجائے اجتماعی بھلائی، قومی خدمت اور پاکستان کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالنا ہے۔ انہوں نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ تنظیم کے آئین و دستور کے مطابق اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کریں گے اور تنظیم کے منشور و پیغام کو کراچی سمیت سندھ اور ملک کے دیگر علاقوں تک پہنچانے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ نئی تنظیمی تقرریوں سے ادارے کو مزید مضبوط بنانے، برادری میں اتحاد و یکجہتی کو فروغ دینے اور عوامی خدمت کے مشن کو آگے بڑھانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ نمبر 37 «قوم کی آواز»

کہ اکیسویں صدی میں پاکستان کے سب سے بڑے شہر کراچی کا تاریخی علاقہ لیاری آج کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے۔ ایک جانب شہری 18 سے 20 گھنٹے کی طویل لوڈشیڈنگ برداشت کر رہے ہیں تو دوسری جانب پانی، سیوریج، صفائی اور تباہ حال انفرااسٹرکچر نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ پیپلز پارٹی کی طویل صوبائی حکمرانی کے باوجود لیاری کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ حکمرانوں کو اربوں روپے کے ترقیاتی اعلانات اور منصوبوں کا حساب دینا ہوگا۔ آٹھ چوک لیاری میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے منعم ظفر نے کہا کہ آج وہ لیاری میں موجود ہیں تا کہ یہاں کے عوام کے مسائل اور ان کی آواز کو کراچی سمیت پورے ملک تک پہنچایا جاسکے۔ لیاری محنت کشوں کا علاقہ اور کھیلوں کے حوالے سے اپنی الگ شناخت رکھتا ہے، لیکن افسوس کہ آج اس علاقے کی پہچان کھیل کے بجائے لوڈشیڈنگ بن چکی ہے۔ انتخابات سے قبل پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے لیاری کے عوام سے بلند و بانگ وعدے کیے تھے۔

بقیہ نمبر 38 «قوم کی آواز»

کے مجموعی اخراجات گزشتہ سال کی تقابلی مدت کے مقابلے میں ایک فیصد کم رہے۔ بینک نے اخراجات اور آمدنی کا تناسب 33 فیصد پر برقرار رکھا جو بینکاری کی صنعت میں کم ترین تناسبوں میں سے ایک ہے۔ محتاط رسک مینجمنٹ اور خراب قرضوں کی مؤثر وصولیوں کے نتیجے میں زیر جائزہ مدت کے دوران متوقع کریڈٹ نقصانات کی مد میں 1.2 ارب روپے کی خالص ریلیز ریکارڈ کی گئی۔ واجبات کے حوالے سے بینک کے مجموعی ڈپازٹس 739 ارب روپے رہے۔ ان ڈپازٹس میں کرنٹ اکاؤنٹس کا حصہ 58 فیصد رہا۔ اثاثوں کے حوالے سے کارپوریٹ ایڈوانسز اور ہاؤسنگ فنانس میں نمایاں نمو کے باعث سال کے آغاز سے اب تک نیٹ ایڈوانسز میں 31.5 ارب روپے یا 15 فیصد اضافہ ہوا۔ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ہیڈ آف کوریج، عادل صلاح الدین نے کہا کہ تیسری سہ ماہی کے ہمارے نتائج ہمارے کاروباری ادارے کی مضبوطی اور بدلتے ہوئے حالات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت کا مظہر ہیں۔ سہ ماہی بہ سہ ماہی کارکردگی میں مسلسل بہتری، حکمت عملی پر مؤثر عمل درآمد، صارفین کے ساتھ مضبوط تعلقات اور ہماری بیلنس شیٹ میں مسلسل پیش رفت کی عکاسی کرتی ہے۔ ہمیں بالخصوص ڈپازٹس اور ایڈوانسز، دونوں میں اضافے پر حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔

بقیہ نمبر 39 «قوم کی آواز»

زبان اس لیے قرار دیا گیا کہ یہ زبان وادب کے خزانوں سے بھرپور اور سب سے زیادہ بولنے اور سمجھنے والی زبان تھی، اردو زبان سے صرف محبت کافی نہیں ہمیں اس کی عزت بھی کرنی ہوگی، اردو زبان کی عمر کم لیکن خزانہ بہت ہے، کانفرنس کا انعقاد اردو باغ میں کیا گیا، کانفرنس کے افتتاحی سیشن کا عنوان "اردو زبان: عہد حاضر میں مسائل، امکانات اور مستقبل" تھا، اس موقع پر انجمن کی جانب سے نائب معتمد یاسمین فاروقی نے مہمانوں کے لیے خیر مقدمی کلمات ادا کیے اور کانفرنس کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی جبکہ نائب معتمد اور سینئر صحافی حسن عباس نے نظامت کے فرائض انجام دیے، صدر انجمن ترقی اردو واجد جواد کا اس موقع پر کہنا تھا کہ ہمارے پاس یہ ڈیٹا تک موجود نہیں کہ سال بھر میں اردو میں کتنی کتابیں شائع ہوتی ہیں، اے آئی کی مدد سے انجمن ترقی اردو ایپ تیار کروا رہی ہے، جس کے ذریعے اردو بولی اور سیکھی بھی جا سکتی ہے جبکہ لغت کو بھی ڈیجیٹائز کر رہے ہیں ہمارا رابطہ انجمن ترقی اردو ہند کے ساتھ بھی ہے، پرنسپل سیکریٹری ٹو گورنر سندھ اور سابق ایڈمنسٹریٹر کراچی ڈاکٹر سیف الرحمن نے خطاب میں کہا کہ زبان، علم و ٹیکنالوجی کی دنیا تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے ہمیں یہ دیکھنا ہو گا کہ آج اردو کو کون سے مسائل کا سامنا ہے اور ہم آنے والی نسلوں کے لیے اپنی زبان کو کس طرح توانا بنا سکتے ہیں، کسی بھی زبان کی زندگی اس کی علمی سرمائے، اس کے انداز بیان اور ماضی کو مستقبل سے جوڑنے کے فن سے وابستہ ہوتی ہے، دنیا میں اردو بولنے اور سمجھنے والے کروڑوں لوگ موجود ہیں، دنیا کے ہر بڑے ملک میں اردو بولنے اور سمجھنے والے موجود ہیں، اردو ہمارے سامنے سرمائے کے طور پر موجود ہے، سوال یہ ہے کہ اس سرمائے کو استعمال کیسے کریں، زبان کی خدمت مسلسل محنت اور ادارہ سازی سے ممکن ہے، ہماری زبان جدید علوم کی اصطلاحات سے آشنا ہونی چاہیے ہمارے معاشرے میں مطالعے کی عادت، کتاب تک رسائی سمیت دیگر مسائل موجود ہیں، افتتاحی سیشن کے بعد "ڈیجیٹل عہد اور زبان سے دوری" کے موضوع پر سیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں معروف صحافی محمود شام، پروفیسر سلیم مغل، سینئر صحافی اخلاق احمد، پروفیسر عظمیٰ فرمان و دیگر نے خطاب کیا، محمود شام کا کہنا تھا کہ اردو کو سب سے زیادہ نقصان خود اردو میڈیا نے پہنچایا ہے اردو سے میڈیا ہاؤسز نے اربوں روپے کمائے لیکن اردو کی اس طرح خدمت نہیں کی جیسی ہونی چاہیے تھی۔

بقیہ نمبر 40 «قوم کی آواز»

کیمیکلز اینڈ ڈائز مرچنٹس ایسوسی ایشن پی سی ڈی ایم اے کے چیئرمین محمد سلیم مکانی کی سربراہی میں ملاقات کرنے والے وفد سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہی۔ وفد میں پی سی ڈی ایم اے کے سینئر وائس چیئرمین شاہد بشیر، وائس چیئرمین محمد عامر بھٹی، سابق چیئرمین سلیم ولی محمد، سابق چیئرمین محمود سلام اور وقار احمد شامل تھے۔ ڈپٹی ہائی کمشنر ثاقب صداقت نے پی سی ڈی ایم اے وفد کی تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ وہ ایک سال کے ملٹی پل ویزے کے اجرا کے حوالے سے ضرور غور کریں گے اور پی سی ڈی ایم اے کی ویزا سفارشات کو بھی ترجیح دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 41 «قوم کی آواز»

محمد عامر خان نے کہا کہ دنیا بھر میں ہر سال تقریباً ایک ارب خوراک ضائع ہو جاتی ہے۔ خوراک کا ضیاع نہ صرف ہماری صحت کے لیے اہم ہے بلکہ یہ ہمارے ماحول، معیشت اور معاشرتی انصاف کے لیے بھی انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ جب ہم خوراک کو ضائع کرتے ہیں تو اس کے ساتھ ہم ان وسائل کو بھی ضائع کر رہے ہوتے ہیں جو اس کی پیداوار میں استعمال ہوتے ہیں۔ خوراک کا ضیاع صرف ایک اخلاقی مسئلہ نہیں بلکہ ایک اقتصادی مسئلہ بھی ہے، جس کے نتیجے میں غربت اور بھوک میں اضافہ ہوتا ہے۔ خاص طور پر ترقی پذیر ممالک میں جہاں لوگ بنیادی خوراک کی کمی کا شکار ہیں۔ ڈاکٹر پرو چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد عامر نے اپنی تحقیقی سرگرمیوں کو فروغ دینے پر زور دیا، جس سے ایک عام آدمی استفادہ کر سکے۔ انہوں نے خوراک کی منتقلی میں جامعات کے کردار کو اجاگر کیا، جس کا مقصد ایک صحت مند اور زیادہ پائیدار معاشرے کی تشکیل دینا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ علم و تحقیق کا عملی حصہ بنانا چاہیے، جس سے تیز رفتار ترقی ممکن ہے۔ آپ بھی اس تبدیلی کا حصہ بن سکتے ہیں۔ اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اور ایک ایسی دنیا تشکیل دیں جہاں خوراک تک ہر آدمی کی رسائی ممکن ہو۔ سرسید یونیورسٹی کے چانسلر انجینئر محمد عامر خان اور وائس چانسلر ڈاکٹر ولیم خان نے کہا کہ خوراک کا ضیاع ایک عالمی مسئلہ ہے۔ خوراک کا ضیاع نہ صرف کھانے کی کمی کا باعث بنتا ہے بلکہ یہ ہمارے ماحول پر بھی منفی اثرات مرتب کرتا ہے۔ خوراک کا ضیاع نہ صرف اقتصادی ترقی کو متاثر کرتا ہے بلکہ بھوک اور غربت کا بھی سبب بنتا ہے۔ خوراک کا ضیاع معاشرتی انصاف کے لیے بھی ایک چیلنج ہے۔ دنیا بھر میں بے شمار لوگ بھوک کا شکار ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ہی خوراک کی بڑی مقدار ضائع بھی ہو رہی ہے۔ خوراک کی حفاظت صرف ہماری ذمہ داری نہیں ہے بلکہ یہ ہماری آنے والی نسلوں کے لیے بھی ایک اہم مسئلہ ہے۔ خوراک کے ضیاع کو کم کر کے ہم ایک اہم مقصد حاصل کر سکتے ہیں۔ خوراک کے ضیاع کو کم کر کے ہم ایک صحت مند اور خوشحال معاشرے کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ شعبہ بائیو میڈیکل انجینئرنگ اینڈ الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے چیئرمین ڈاکٹر محمد عامر کا کہنا تھا کہ خوراک محض جسمانی ضرورت نہیں بلکہ انسانی زندگی، عزتِ نفس اور معاشرتی انصاف کی بنیاد ہے۔ قرآن کریم نے بھی بھوک سے نجات کو اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت قرار دیا ہے۔ تقریب کے اختتام پر انڈسٹری سے متعلقہ افراد اور نمائندوں کو اعزازات اور مقابلوں کے فاتحین کو انعامات سے نوازا گیا

بقیہ نمبر 42 «قوم کی آواز»

اور خواتین کو اپنی صحت کی حفاظت کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ترغیب دی جاسکے، پروفیسر ڈاکٹر فبینہ سومرو نے چھاتی کے کینسر سے متعلق آگاہی، بروقت طبی معائنے اور علامات ظاہر ہونے پر قابل اعتماد طبی ماہرین سے رجوع کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی، انہوں نے خواتین کی صحت سے جڑے سماجی ہچکچاہٹ اور منفی رویوں کو ختم کرنے کی ضرورت پر زور دیا تا کہ خواتین بغیر کسی خوف کے اپنے مسائل پر بات کر سکیں اور بروقت طبی امداد حاصل کر سکیں، تقریب میں فاطمہ لاکھانی، رونق لاکھانی، دارالسکون ویلفیئر سوسائٹی کے نمائندوں، مختلف کمیونٹیز کی خواتین کھلاڑیوں، ڈاکٹر تہمینہ آصف، ڈاکٹر سارہ خرم، تابندہ ہاشمی اور سندھ اولمپک ایسوسی ایشن کے نائب صدر امتیاز شیخ سمیت دیگر شریک ہوئے، سیمینار میں خواتین کی صحت، چھاتی کے کینسر کی ابتدائی علامات کی شناخت، بروقت تشخیص اور معتبر طبی معلومات تک رسائی پر تفصیلی گفتگو کی گئی، شرکا کا کہنا تھا کہ خواتین کو بروقت طبی مشورے، جذباتی مدد اور درست معلومات کی فراہمی کو یقینی بنانا ایک مشترکہ سماجی ذمہ داری ہے، سید فاؤنڈیشن کی جانب سے خواتین کی صحت، کمیونٹی کی فلاح و بہبود اور سماجی آگاہی کو فروغ دینے کے لیے اقدامات اور شراکت داری کو جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 43 «قوم کی آواز»

تبادلہ خیال کر رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مذاکرات کا مرکزی نکتہ آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے ایران کے 7 نکاتی منصوبہ ہے، جس پر تہران کی جانب سے قطر کی تجاویز پر اتفاق کیا گیا تھا کہ اگر ایران کی شرائط مان لی جاتی ہیں تو اس پر محض دو دن میں عمل درآمد کیا جائے گا۔ عباس عراقچی نے کہا کہ قطری وفد نے دوحہ روانگی سے قبل تہران میں مشاورت کی ہے، جس کے بعد نائب وزیر خارجہ قطر روانہ ہوئے تا کہ مذاکرات جاری رکھے جائیں اور اس حوالے سے آگاہ کریں گے جبکہ ایران کے نائب وزیر خارجہ کی دوحہ سے تہران واپسی جلد متوقع ہے۔ مذاکرات پر بات کرتے ہوئے ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ ہم کسی معاہدے تک پہنچ جاتے ہیں یا نہیں اس کا انحصار ان کئی سوالات کے جواب پر جو تا حال موصول نہیں ہوئے ہیں۔ ایران کے وزیر خارجہ نے کہا کہ تہران کی جانب سے سفارت کاری جاری رہے گی اور توقع ظاہر کی کہ دوسرے فریق بھی دیگر آپشنز پر اتفاق کے لیے سنجیدگی دکھائے گا، ہم اپنے طور پر کوششیں کر رہے ہیں اور امید ہے مخالف فریق بھی دیگر آپشنز کے بجائے سفارت کاری کو ترجیح دیے گا لیکن ہم مکمل طور پر دوسرے آپشنز کا سامنا کرنے کو تیار ہیں۔ سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای کے فوجی کمانڈرز کو جاری کی گئیں ہدایات کے متعلق عباس عراقچی نے کہا کہ اس سے ہماری پوزیشن اور ارادے واضح ہوتے ہیں

بقیہ نمبر 44 «قوم کی آواز»

میں کامیاب نہیں ہوسکا، جس کے باعث انتظامی ڈھانچے پر نظر ثانی اور نئے نظام کی تشکیل ضروری ہو گئی ہے۔ ان کے مطابق نئے انتظامی یونٹس کے قیام سے حکومتی امور چلانے میں آسانی پیدا ہونے کے ساتھ عوام کو بنیادی سہولتیں ان کی دہلیز پر فراہم کرنے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ شہریوں نے خصوصاً کراچی کے موجودہ انتظامی ڈھانچے پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہر کے بڑھتے ہوئے مسائل اور بنیادی ضروریات کو مؤثر انداز میں پورا کرنے کے لیے انتظامی نظام میں اصلاحات ناگزیر ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ نئے انتظامی یونٹس کے قیام سے شہری مسائل کے حل، سرکاری خدمات کی فراہمی اور انتظامی نگرانی کو بہتر بنانے کے امکانات پیدا ہوسکتے ہیں۔ عوامی حلقوں کے مطابق موجودہ نظام سے مایوسی کے باعث شہری نئی قیادت اور انتظامی تبدیلی کو بہتری کی امید کے طور پر دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ نئے انتظامی یونٹس اور چھوٹے صوبوں کے قیام سے متعلق تجاویز پر سنجیدہ غور کیا جائے اور عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے قابل عمل نظام تشکیل دیا جائے۔

بقیہ نمبر 45 «قوم کی آواز»

سینٹرل ریجن میں پہلی پوزیشن حاصل کی، جس پر اسے استعمال شدہ ٹیٹرا پیک کے ڈبوں کو ری سائیکلنگ کرنے کے اعزاز میں تیار کردہ ریسائیکلنگ پروجیکٹ پر انعام پیش کیا گیا۔ اس کے علاوہ اسکول کو طلبہ کی جانب سے کارٹن ری سائیکلنگ کے حوالے سے ایک بہترین پیشکش بنانے پر بھی داد دی گئی۔ تقریب میں سینئر مینیجر کمیونیکیشنز کا افتتاح کیا گیا، جس میں ٹیٹرا پیک کے کردار، ری سائیکلنگ اور طلبہ کے ساتھ طلبہ کے مختصر سوال و جواب کے سیشن اور پانی کے تحفظ سے متعلق طلبہ کی پرجوش شرکت کو بھی سراہا گیا۔ ٹیٹرا پیک پاکستان کے سینئر مینیجر جنرل منیجر محمد شہزاد نے کہا، "آج کے طلبہ صرف کل کے رہنما نہیں ہیں بلکہ آج بھی مثبت تبدیلی لانے کا ایک اہم ذریعہ ہیں۔ ان کا ذمہ دارانہ طرز عمل کل پر مثبت اثرات مرتب کر سکتا ہے۔" ٹیٹرا الاوال پاکستان کے ساتھ ہماری شراکت داری نہ صرف ری سائیکلنگ کے استعمال شدہ ڈبوں کو جمع کرنے اور صفائی کے لئے کام کرتی ہے بلکہ اس سے ہمارے عزم کی عکاسی ہوتی ہے، جو نہ صرف آج کے لیے بلکہ آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرنے کی بھی ترغیب دیتی ہے۔ ڈائریکٹر جنرل ٹیٹرا الاوال پاکستان نے کہا، "ٹیٹرا پیک پاکستان کے ساتھ ہمارے تعاون کا مقصد یہ ہے کہ جب نوجوان نسل اسکول کے مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ آگاہی کو ذمہ داری میں بدل سکتے ہیں۔ کریسنٹ ماڈل ہائی اسکول کی طالبات نے یہ ثابت کیا کہ ایک ماحولیاتی تحفظ کا آغاز کہاں سے بھی کیا جاسکتا ہے۔" کریسنٹ ماڈل ہائی اسکول کے اسٹوڈنٹ انگجمنٹ ٹرسٹ کے چیئرمین الطاف نسیم نے ٹیٹرا الاوال پاکستان اور ٹیٹرا پیک پاکستان کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام طلبہ اور اساتذہ کی بھرپور شرکت کو بھی فروغ دیتا ہے۔

بقیہ نمبر 46 «قوم کی آواز»

پاکستان سری لنکا بزنس فورم کے زیر اہتمام منعقدہ بریفنگ کے موقع پر اظہار خیال کر رہے تھے اس موقع پر فورم کے نائب صدر اسلم پکھالی معروف بزنس مین فاروق افضل اور سری لنکا ایئر لائنز کے نمائندے نے بھی میڈیا کو بریف کیا قونصل جنرل نے کہا کہ نمائش میں ایکسائل کے ملبوسات سمیت مصالحہ جات ناریل سے تیار کی جانے والی اشیاء، خوراک، ادویات، جواہرات، سنت مصنوعات الیکٹرونکس آئی ٹی لاجسٹکس اور دیگر شعبوں کے بارے میں آگاہی فراہم کی جائے گی۔ قونصل جنرل نے نمائش میں لوگوں کی زیادہ تعداد میں شرکت پر زور دیتے ہوئے کہا دونوں ملکوں کے مابین ہونے والی تجارت اور سرمایہ کاری سے بھرپور فائدہ اٹھایا جائے۔ انہوں نے کہا دونوں ممالک ایک دوسرے کے ساتھ بہت تعاون کر رہے ہیں دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات عوام تک منتقل ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا سماجی شعبے سمیت ثقافت صحت اور ٹیکنالوجی دونوں ملکوں کی خصوصی دلچسپی ہے تعلیم کے شعبے میں پاکستان کے سیکڑوں طالب علم سری لنکا کی یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں اسی طرح دفع سمیت اہم شعبوں میں سری لنکا کے لوگ پاکستان میں تربیت حاصل کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 47 «قوم کی آواز»

فاروق ملک نے کی۔ اجلاس میں تنظیمی امور، عوامی مسائل، خواتین کے حقوق، تعلیم کے فروغ اور کراچی کے شہری مسائل کے حل سمیت مختلف اہم معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ٹاؤن کمیٹی کورنگی اور لانڈھی کے عہدیداران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے متعدد نئے افراد نے میری پہچان پاکستان میں شمولیت اختیار کی۔ مرکزی کمیٹی کے رہنماؤں نہال احمد صدیقی، فاروق ملک اور دیگر عہدیداران نے نئے شامل ہونے والے افراد کا خیر مقدم کیا اور انہیں تنظیم کے اغراض و مقاصد، عوامی خدمت، تنظیمی سرگرمیوں اور ڈاکٹر عشرت العباد خان کے وژن سے آگاہ کیا گیا۔ رہنماؤں نے امید ظاہر کی کہ نئے ساتھی تنظیمی استحکام اور عوامی مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ اجلاس میں تنظیم کو نچلی سطح تک منظم اور فعال بنانے کے لیے عوامی رابطہ مہم مزید وسیع کرنے کا فیصلہ کیا گیا، تا کہ گراس روٹ لیول پر شہریوں کو درپیش مسائل کی نشاندہی کر کے انہیں متعلقہ اداروں اور منتخب نمائندوں تک مؤثر انداز میں پہنچایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 48 «قوم کی آواز»

کارپوریشن (کے ایم سی) کے فائر فائٹر فرقان علی کو ان کی بہادری اور فرض شناسی کے اعتراف میں تمغہ شجاعت سے نوازا جائے گا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے شہید فائر فائٹر کے لیے قومی اعزاز کی منظوری دے دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی جانب سے شہید فرقان علی کی خدمات کے اعتراف میں قومی اعزاز دلانے کے لیے کی جانے والی کوششیں کامیاب ہو گئی ہیں۔ یہ اعزاز گل پلازہ میں لگنے والی ہولناک آگ کے دوران امدادی کارروائیوں میں غیر معمولی جرأت اور فرض سے وابستگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جان قربان کرنے پر دیا جا رہا ہے۔ یاد رہے کہ گل پلازہ میں 17 جنوری 2026ء کی رات تقریباً سوا 10 بجے اچانک خوفناک آگ بھڑک اٹھی تھی، جس نے دیکھتے ہی دیکھتے عمارت کے دیگر حصوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ پلازہ میں کپڑوں، کاسمیٹکس، پلاسٹک اور دیگر آتش گیر اشیا کی دکانیں موجود ہونے کے باعث آگ نے شدت اختیار کرلی تھی۔ آگ بجھانے اور عمارت میں پھنسے افراد کو بچانے کے لیے جاری امدادی آپریشن میں فائر فائٹر فرقان علی بھی حصہ لے رہے تھے۔ وہ گل پلازہ کی عقبی دکانوں میں آگ بجھانے اور امدادی سرگرمیوں میں مصروف تھے کہ 18 جنوری کی صبح تقریباً پانچ بجے عمارت کا ملبہ ان پر آ گرا۔ اس حادثے میں فرقان علی جانبر نہ ہو سکے اور دوسروں کی جانیں بچانے کی کوشش میں فرض کی ادائیگی کے دوران شہادت کے رتبے پر فائز ہو گئے۔ ان کی قربانی کے اعتراف میں تمغہ شجاعت کی منظوری کو فائر فائٹرز کی خدمات اور جرأت کے قومی سطح پر اعتراف کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 49 «قوم کی آواز»

چیمبر آف کامرس کے صدر طلعت محمود تھے انہوں نے اپنے دستِ مبارک سے طارق روڈ ٹریڈرز الائنس کے صدر الیاس میمن اور ان کی پوری ایگزیکٹو کمیٹی کو تاجر برادری کی فلاح، تجارتی سرگرمیوں کے فروغ اور تاجروں کے مسائل کو ہر فورم پر موثر انداز میں اجاگر کرنے پر اعزازی شیلڈ پیش کی صدر KCC طلعت محمود نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الیاس میمن ایک مخلص، انڈر اور تاجر دوست رہنما ہیں انہوں نے جس طرح طارق روڈ کے تاجروں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کیا اور ان کے جائز مطالبات کے لیے آواز بلند کی، وہ قابل تقلید ہے۔ KCC ہمیشہ ایسے تاجر رہنماؤں کی حوصلہ افزائی کرتا رہے گا الیاس میمن کا اظہار تشکر اعزازی شیلڈ وصول کرنے کے بعد الیاس میمن نے KCC کے صدر اور تمام عہدیداران کا دلی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ "یہ شیلڈ میری نہیں، طارق روڈ کے ہر اس چھوٹے بڑے دکاندار اور تاجر کی ہے جس نے میرا ساتھ دیا انشاء اللہ ہم KCC کے ساتھ مل کر کراچی کی معیشت اور تاجر برادری کے لیے مزید بہتری لانے کی کوشش جاری رکھیں گے تقریب کے شرکاء میں KCC کے نائب صدور، سابق عہدیداران اور شہر کے مختلف ٹریڈ الائنسز کے نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا طارق روڈ ٹریڈرز الائنس کی جانب سے ایگزیکٹو کمیٹی کے اہم اراکین ناصر محمود، الیاس بٹ، سلیم احمد انڑ، محمد اسلم، صابر، پاشا، زاہد شاہ اور طاہر بھی اس موقع پر موجود تھے اور انہیں بھی ان کی فعال خدمات پر خراج تحسین پیش کیا گیا

بقیہ نمبر 50 «قوم کی آواز»

بحری آلودگی نے سمندر کو آلودگی سے پاک رکھنے کے لیے جاری ہفتہ وار صفائی مہم کے دوران 39 ہزار 330 کلوگرام تیرتا ہوا کچرا جمع کرلیا۔ یہ کارروائیاں 24 سے 30 اکتوبر 2026ء □ کے دوران کراچی بندرگاہ کے مختلف حصوں میں انجام دی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق کراچی پورٹ ٹرسٹ کے ہفتہ وار بحری صفائی مہم کے تحت ایسٹ وارف، ویسٹ وارف، آئل پیئر زاور بوٹ بیسن جیٹی کے علاقوں میں صفائی کی کارروائیاں کی گئیں۔ اس مقصد کے لیے 51 مرتبہ منظم انداز میں کشتیاں تعینات کی گئیں، جبکہ مجموعی طور پر 163 اہلکاروں نے صفائی آپریشن میں حصہ لیا۔ کے پی ٹی کے مطابق سمندر سے جمع کیے گئے تمام 39 ہزار 330 کلوگرام کچرے کو مناسب طریقے سے تلف کرنے کے لیے سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کے مقررہ گاربج ٹرانسفر اسٹیشن منتقل کر دیا گیا، تا کہ سمندری آلودگی کے خاتمے کے ساتھ کچرے کو محفوظ انداز میں ٹھکانے لگانے کا عمل بھی یقینی بنایا جاسکے۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ کی جانب سے مسلسل جاری ان صفائی مہمات کا مقصد بحری آلودگی کی روک تھام، آبی حیات کے قدرتی مساکن کا تحفظ اور سمندری ماحول کو صاف ستھرا رکھنا ہے۔ کے پی ٹی کے ان اقدامات سے نہ صرف کراچی بندرگاہ کے ماحول کو محفوظ بنانے میں مدد مل رہی ہے بلکہ ماحولیاتی ذمہ داریوں کی ادائیگی اور پاکستان میں پائیدار بحری مستقبل کے فروغ کے لیے ادارہ جاتی کوششوں کی اہمیت بھی اجاگر ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 51 «قوم کی آواز»

پلاٹ پر پڑے کچرے کے ڈھیر میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے باعث علاقے میں تشویش کی صورتحال پیدا ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق کچرے میں آگ لگنے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کا عملہ فائر فائٹنگ گاڑی کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گیا اور آگ بجھانے کا عمل شروع کر دیا۔ ریسکیو ترجمان کے مطابق فائر فائٹرز نے تقریباً آدھے گھنٹے کی مسلسل جدوجہد کے بعد کچرے کے ڈھیر میں لگی آگ پر قابو پا لیا، جس کے بعد کسی ممکنہ دوبارہ آتشزدگی سے بچاؤ کے لیے کولنگ کا عمل شروع کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق واقعے میں خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

بقیہ نمبر 52 «قوم کی آواز»

کوششوں کی ضرورت ہے۔ جامعہ کراچی کے فارغ التحصیل افراد نے مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں، اب وقت ہے کہ اس عظیم تعلیمی ادارے کو مزید متحرک اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ کراچی میں منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس "اکیسویں صدی میں معاشرے کی ازسرِنو تشکیل: ٹیکنالوجی، جدت اور پائیدار تبدیلی" کے افتتاحی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ جامعہ کراچی اور شہر کراچی کے مسائل میں کئی پہلوؤں سے مماثلت نظر آتی ہے۔ جامعہ کے بنیادی ڈھانچے، بالخصوص اساتذہ کی رہائشی سہولیات کی بہتری پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وائس چانسلر ڈاکٹر وسیم قاضی کی قیادت میں جامعہ کراچی مزید متحرک ہوگی اور ترقی کی نئی منازل طے کرے گی۔ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ ماضی میں جامعہ کراچی بین الاقوامی طلبہ کی توجہ کا اہم مرکز ہوا کرتی تھی، تاہم وقت کے ساتھ غیر ملکی طلبہ کی تعداد میں کمی آئی ہے۔ ہمیں جامعہ کو دوبارہ اس معیار پر لانے کے لیے کام کرنا ہوگا جہاں دنیا بھر کے طلبہ یہاں تعلیم حاصل کرنے کو اپنی پہلی ترجیح سمجھیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے اساتذہ، طلبہ، انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ سیاست کرنا اچھی بات ہے، تاہم اسے مثبت سرگرمیوں، تعمیری مباحث اور معاشرے کی بہتری کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی نسل نے روایتی ٹیلی فون سے جدید اسمارٹ فون تک ٹیکنالوجی کا سفر دیکھا ہے، جبکہ آج کے نوجوان انفارمیشن ٹیکنالوجی کے دور میں قابل تحسین کام انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ جدید ٹیکنالوجی اور سوشل میڈیا کا مثبت اور ذمہ دارانہ استعمال ہماری ترجیح ہونا چاہیے۔ نوجوانوں کو ان ذرائع سے علم، معلومات اور تحقیق کے حصول کے ساتھ اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے کے مواقع تلاش کرنے چاہییں۔ انہوں نے اساتذہ پر بھی زور دیا کہ جب طلبہ نئی سوچ پیش کریں یا ایجادات کے ذریعے آگے بڑھنے کی کوشش کریں تو ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

بنگلہ دیش کے ملٹی پل ویزے پر غور کیا جائیگا، ثاقب صداقت

پی سی ڈی ایم اے کے چیئرمین محمد سلیم مکانی، شاہد بشیر، عامر بھٹی، سابق چیئرمین سلیم ولی محمد، سابق چیئرمین محمود سلام کی ڈپٹی ہائی کمشنر سے ملاقات

کراچی (بزنس ڈیسک) بنگلہ دیش کے ڈپٹی ہائی کمشنر ثاقب صداقت نے پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے اور باہمی روابط کو مزید مستحکم بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی تاجر بنگلہ دیش کا دورہ کریں اور نمائشوں میں شرکت کریں۔ اس ضمن میں بنگلہ دیشی تو نصلیٹ نہ صرف سہولتیں فراہم کرے گا بلکہ بنگلہ دیشی تاجروں کے ساتھ بزنس ٹو بزنس ملاقاتوں کے انعقاد میں بھی مدد کرے گا۔ یہ بات انہوں نے پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)





الیاس میمن مخلص اور تاجر دوست رہنما ہیں، طلعت محمود

کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے معروف کاروباری شخصیت الیاس میمن کی طویل المدتی اور بے لوث خدمات کا اعتراف

کراچی (کامرس رپورٹر) کراچی کی تاجر برادری کے لیے اعزاز کا لمحہ، کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (KCCI) کے ہیڈ آفس میں ایک شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کا مقصد شہر کی معروف کاروباری شخصیت اور طارق روڈ ٹریڈرز الائنس کے صدر الیاس میمن کی طویل المدتی اور بے لوث خدمات کا اعتراف کرنا تھا تقریب کے مہمانِ خصوصی کراچی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

گل پلازہ سانحہ: شہید فائر فائٹر فرقان علی کے لیے تمغہ شجاعت کی منظوری

فرض شناسی کا قومی سطح پر اعتراف، صدر مملکت نے اعزاز کی منظوری دے دی

کراچی (این این آئی) گل پلازہ آتشزدگی کے دوران اپنی جان خطرے میں ڈال کر دوسروں کی زندگیاں بچانے کی کوشش میں شہید ہونے والے کراچی میٹروپولیٹن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

میری پہچان پاکستان کی مرکزی کمیٹی کا اجلاس، رابطہ مہم تیز کرنے کا فیصلہ

B-36 لانڈھی میڈیکل کالج منصوبے کی بحالی کے لیے کوششیں تیز، میئر کراچی سے ملاقات کے لیے وفد تشکیل

کراچی (این این آئی) میری پہچان پاکستان کی مرکزی کمیٹی کا اہم اجلاس لانڈھی میں منعقد ہوا، جس کی صدارت مرکزی کمیٹی کے انچارج نیہال احمد صدیقی اور جوائنٹ انچارج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)



امریکا سے قطر کے ذریعے بالواسطہ مذاکرات کر رہے ہیں، ایرانی وزیر خارجہ

ایران کے سینئر سفارت کار مذاکرات کے لیے دوحہ جا چکے ہیں لیکن امریکا سے براہ راست بات چیت نہیں ہو رہی ہے، عباس عراقچی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے ایران کی تجاویز پر تہران کی جانب سے قطر کی ثالثی میں سفارتی مشاورت جاری ہے لیکن امریکی نمائندوں کے ساتھ براہ راست مذاکرات کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ ایرانی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق وزیر خارجہ عباس عراقچی نے پارلیمان کی قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کمیٹی کے اجلاس کے موقع پر غیر رسمی گفتگو میں کہا کہ قطری وفد کے حالیہ دورہ تہران کے بعد ایران کے سینئر سفارت کار مذاکرات جاری رکھنے کے لیے قطر جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکی وفد سے کوئی ملاقات نہیں ہو رہی ہے اور نہ ہی ایسی کوئی ملاقات طے ہوئی ہے، ایران اس وقت ثالثوں کے ذریعے اپنی تجاویز پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

جامعہ کراچی کو دوبارہ بین الاقوامی طلبہ کی پہلی ترجیح بنانا ہوگا، نہال ہاشمی

سیشن میں وزیر اعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی علی راشد، وائس چانسلر جامعہ کراچی پروفیسر ڈاکٹر وسیم قاضی کا بھی خطاب

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ جامعہ کراچی کو اس کا حقیقی مقام دلانے اور اسے دوبارہ بین الاقوامی طلبہ کی پہلی ترجیح بنانے کے لیے مشترکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)



نیو کراچی میں سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کے دفتر کے قریب کچرے کے ڈھیر میں آتشزدگی

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے نیو کراچی سیکٹر 11-I میں سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کے دفتر سے متصل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

کراچی پورٹ ٹرسٹ کی ہفتہ وار بحری صفائی مہم، سمندر سے 9 ہزار 330 کلوگرام تیرتا ہوا کچرا جمع

کراچی (این این آئی) کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) کے شعبہ انسدادِ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

کولمبو: ایکسپو میں سری لنکا ایکسپورٹ میں اضافہ ہوگا، سری لنکا قونصل جنرل

پاکستان سری لنکا بزنس فورم کے ہمراہ پریس کانفرنس، اسلم پکھالی، فاروق افضل اور سری لنکن ایئر لائن کے نمائندے بھی شریک



کراچی (بزنس رپورٹر) کراچی میں تعینات سری لنکا قونصل جنرل سنجیوپتی والا نے کہا ہے کہ کولمبو میں منعقد ہونے والی نمائش ایکسپو 2027 میں سری لنکا کی ایکسپورٹ میں اضافہ کرنے میں بڑی مدد ملے گی نمائش میں عالمی سرمایہ کاروں اور خریداروں کو مدعو کر کے مختلف ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات کو وسعت دینا چاہتے ہیں وہ قونصل خانے میں ایکسپو 2027 کے سلسلے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

ٹیٹرا پیک اور ٹیٹرا الاوال پاکستان کی جانب سے کارٹن ری سائیکلنگ

آج کے طلبہ صرف کل کے رہنما نہیں آج بھی مثبت تبدیلی لانے کا ایک اہم ذریعہ ہیں، جی ایم محمد شہزاد

کراچی (بزنس رپورٹر) ٹیٹرا پیک پاکستان اور ٹیٹرا الاوال پاکستان نے اپنی مشترکہ ری سائیکلنگ آگاہی مہم کے تحت 173 اسکولوں میں استعمال شدہ مشروبات کے خالی ڈبے، جن کی تعداد تقریباً 12 ہزار 110 ہے، جمع کرنے پر لاہور کے کریسنٹ ماڈل ہائی اسکول، اسکول نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)



سندھ کے مختلف شہروں میں بھی نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کی حمایت سامنے آ گئی، ٹنڈو آدم، نوشہرو فیروز اور نوابشاہ کے شہریوں نے عوامی سہولتوں کی فراہمی اور بہتر انتظامی امور کیلئے نئے یونٹس کے قیام کو ضروری قرار دیدیا

کراچی (این این آئی) ملک کے دیگر صوبوں کی طرح سندھ کے مختلف شہروں میں بھی نئے انتظامی یونٹس اور چھوٹے صوبوں کے قیام کی حمایت سامنے آنے لگی ہے۔ کراچی، ٹنڈو آدم، نوشہرو فیروز اور نوابشاہ کے شہریوں نے نئے انتظامی یونٹس کے قیام کی حمایت کرتے ہوئے موجودہ انتظامی نظام میں تبدیلی کو وقت کی ضرورت قرار دیا ہے۔ شہریوں نے کہا کہ برسوں سے رائج نظام عوام کی زندگیوں میں خاطر خواہ بہتری لانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

دنیا بھر میں ہر سال تقریباً ایک ارب خوراک ضائع ہو جاتی ہے، اکبر علی

خوراک کا عالمی دن: سرسید یونیورسٹی میں تقریب، محمد عامر خان، ڈاکٹر ولیم خان نے بھی خصوصی خطاب کیا

کراچی (بزنس رپورٹر) سرسید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے شعبہ بایومیڈیکل انجینئرنگ اینڈ لائیڈ ہیلتھ سائنسز نے عالمی یوم خوراک کے موقع پر مختلف نوعیت کی تقریبات کا انعقاد کیا۔ اس ضمن میں ایک پینل ڈسکشن، پوسٹر، پروجیکٹس اور مصنوعات کی تیاری کے مقابلوں کا انعقاد ہوا، جس میں طلبہ نے اپنی جدت اور تخلیقی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر سرسید یونیورسٹی کے چانسلر انجینئر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)



پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن و کولگیٹ پامولو کے تحت بریسٹ کینسر سیمینار

خواتین کو اپنی صحت کی لازمی حفاظت کرنی چاہیے، ڈاکٹر تہمینہ آصف، ڈاکٹر سارہ، تابندہ ہاشمی، امتیاز شیخ، فاطمہ لاکھانی، رونق لاکھانی



کراچی (اسٹاف رپورٹر) سید فاؤنڈیشن نے پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے ویمنز کمیشن اور کولگیٹ پامولو پاکستان کے تعاون سے پاکستان امریکن کلچرل سینٹر میں چھاتی کے کینسر سے متعلق آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا، سیمینار میں ممتاز شخصیات، طبی ماہرین کھلاڑیوں اور سماجی فلاحی تنظیموں کے نمائندوں نے شرکت کی، تاکہ چھاتی کے کینسر کے بارے میں شعور بیدار کیا جا سکے، بروقت تشخیص کی اہمیت پر زور دیا جا سکے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

اسٹیٹ بینک کے گورنر کا چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کیلئے بڑے اقدامات کا اعلان

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں اہم اجلاس، علی حسام اصغر، سردار عثمان غنی، چوہدری خادم حسین نے پرتپاک استقبال کیا

حکومت کا شکریہ، برآمدات پر مبنی سرمایہ کاری کی معاونت کے لیے 10 سالہ طویل مدتی ایکسپورٹ فنانسنگ اسکیم کی بھی منظوری دی، علی حسام اصغر

ایس ایم ای کنیکٹ پورٹل یکم نومبر 2026 سے فعال ہو جائیگا، جس کے ذریعے کاروباری افراد آن لائن قرضوں کے لیے درخواست دے سکیں گے



لاہور (بزنس رپورٹر) اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) کے گورنر جمیل احمد نے کہا ہے کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SME) کے لیے مالی معاونت میں اضافہ حکومت کی اہم اقتصادی ترجیحات میں شامل ہے، جس کے ساتھ زراعت، ہاؤسنگ اور برآمدات کے شعبوں کو بھی ترجیح دی جا رہی ہے۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (LCCI) میں ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بغیر ضمانت (Free-Collateral) ایس ایم ای قرضوں کی حد 1 کروڑ روپے سے بڑھا کر 5 کروڑ روپے کر دی گئی ہے۔ چھوٹے کاروباری اداروں کے لیے سالانہ کاروباری حجم (Turnover Annual) کی حد 15 کروڑ روپے سے بڑھا کر 40 کروڑ روپے کر دی گئی ہے، جبکہ درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے لیے یہ حد 80 کروڑ روپے سے بڑھا کر 2 ارب روپے کر دی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایس ایم ای فنانسنگ کا مجموعی حجم جون 2024 میں 491 ارب روپے تھا، جون 2025 میں بڑھ کر 691 ارب روپے اور جون 2026 میں تقریباً 1,110 ارب روپے تک پہنچ گیا۔ اسی عرصے کے دوران ایس ایم ای قرض حاصل کرنے والے افراد کی تعداد بھی 177,000 سے بڑھ کر تقریباً 325,000 ہو گئی۔ اسٹیٹ بینک نے ایس ایم ای ڈی اے (SMEDA) اور کمرشل بینکوں کے تعاون سے ایس ایم ای قرضوں کے درخواست فارم کو آسان بناتے ہوئے ایک صفحے تک محدود کر دیا ہے۔ ایس ایم ای کنیکٹ پورٹل (SME Connect Portal) یکم نومبر 2026 سے فعال ہو جائے گا، جس کے ذریعے کاروباری افراد آن لائن قرضوں کے لیے درخواست دے سکیں گے اور اپنی درخواستوں کی پیش رفت بھی دیکھ سکیں گے۔ برآمدات کے حوالے سے گورنر اسٹیٹ بینک نے بتایا کہ ایکسپورٹ ری فنانس اسکیم (Export Refinance Scheme) کی حد ایک ٹریلین روپے سے بڑھا کر 1.5 ٹریلین روپے کر دی گئی ہے، جس میں سے 300 ارب روپے خصوصی طور پر ایس ایم ای برآمد کنندگان کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔ حکومت نے برآمدات پر مبنی سرمایہ کاری کی معاونت کے لیے 10 سالہ طویل مدتی ایکسپورٹ فنانسنگ اسکیم کی بھی منظوری دے دی ہے۔

☆☆☆

سیکریٹری ٹڈاپ کا WEXNET کی پہلی ایڈیشن کوئٹہ کے حوالے سے ریجنل آفس میں افتتاح

شہریار تاج کے مطابق TDAP خواتین کاروباری افراد کی حوصلہ افزائی اور تجارت کے مرکزی دھارے سے منسلک کرنے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں

کاروباری خواتین کے ساتھ ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا، صدارت ڈائریکٹر TDAP ریجنل آفس کوئٹہ، نور علی اچکزئی نے کی

ٹڈاپ حکام نے شرکاء کو بتایا کہ ویکس نیٹ کے دوران B2B روابط، مارکیٹ لنکیجز، نیٹ ورکنگ اور برآمدی مواقع کے فروغ پر خصوصی توجہ دینگے



کراچی (بزنس رپورٹر) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP)، ریجنل آفس کوئٹہ میں WEXNET کی پہلی ایڈیشن کوئٹہ کے انعقاد کے سلسلے میں کاروباری خواتین کے ساتھ ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ڈائریکٹر TDAP ریجنل آفس کوئٹہ، نور علی اچکزئی نے کی۔ اجلاس میں کوئٹہ اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والی کاروباری خواتین نے شرکت کی اور WEXNET کوئٹہ کے انعقاد، خواتین کاروباری افراد کی شرکت، مصنوعات کی نمائش، مارکیٹ لنکیجز اور کاروباری مواقع کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر TDAP ریجنل آفس کوئٹہ نور علی اچکزئی نے کہا کہ خواتین کاروباری افراد ملکی معیشت اور برآمدات کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ WEXNET کوئٹہ کے ذریعے خواتین کو اپنی مصنوعات اور کاروباری صلاحیتوں کو نمایاں کرنے، نئے کاروباری روابط قائم کرنے اور قومی و بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ TDAP خواتین کاروباری افراد کی حوصلہ افزائی اور انہیں تجارت و برآمدات کے مرکزی دھارے سے منسلک کرنے کے لیے مختلف اقدامات کر رہا ہے۔ WEXNET کوئٹہ اسی سلسلے کی ایک اہم کاوش ہے جس کے ذریعے بلوچستان کی خواتین کاروباری افراد کو وسیع تر مارکیٹ سے جوڑنے میں مدد ملے گی۔ اجلاس میں شرکاء کو WEXNET کے اغراض و مقاصد، شرکت کے طریقہ کار اور متوقع سرگرمیوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ کاروباری خواتین نے اپنی مصنوعات کی مارکیٹنگ، برانڈنگ، پیکیجنگ، مارکیٹ تک رسائی، کاروباری روابط اور برآمدات سے متعلق مختلف تجاویز بھی پیش کیں۔ TDAP حکام نے شرکاء کو بتایا کہ WEXNET کے دوران B2B روابط، مارکیٹ لنکیجز، نیٹ ورکنگ اور برآمدی مواقع کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جائے گی، تاکہ خواتین کاروباری افراد کو اپنے کاروبار کو مزید وسعت دینے میں مدد مل سکے۔ WEXNET کی پہلی ایڈیشن کوئٹہ میں منعقد ہوگی۔ اس موقع پر مختلف شعبوں سے وابستہ خواتین کاروباری افراد کو اپنی مصنوعات، برانڈز اور کاروباری صلاحیتوں کو نمایاں کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ WEXNET کوئٹہ کی کامیابی کے لیے سرکاری اداروں، چیمبرز آف کامرس، کاروباری تنظیموں، ترقیاتی اداروں اور نجی شعبے کے درمیان مؤثر روابط اور تعاون کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ TDAP ریجنل آفس کوئٹہ نے تمام اہل خواتین کاروباری افراد کو WEXNET کوئٹہ میں شرکت کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ یہ پلیٹ فارم خواتین کو کاروباری نیٹ ورکنگ، مارکیٹ ایکسپورٹ پروموشن اور برآمدی مواقع سے مستفید ہونے کا موقع فراہم کرے گا۔



